اے ٹیچرانی جہدءِ مھنتاں سد سلام انت
ایشانی جہدءِ کوششءَ مابازسیکھاتگ
ایشانی سوجءِ نصیحتءَ مابازسیکھاتگ
شماکہ ماراعلمءِ اخلاقءِ درس داتگ
شماکہ ماراننگءِ پادآھگءِ درس داتگ
شمئے پتیءِ براتی آنءَ سد سلام انت
تئ رضاءَ مالیبءِ لطیف گوازی کتہ
شمئے مذاقءِ کندگانءَ سد سلام انت

محمد معراج۔ایف اے،اولی سال

چوماہءِ سالءَ ادءَ رپتگیں ھیال رداں
پمیشکہ باتنءِ گیمر تگیں ھیال رداں
اے دہرءِ چم ھمک واھگءِ جبینءَ آں
تئ چیروکائیءَ پرماتگیں ھیال رداں
شپءِ چراگءِ وڑءَ دائمءَ ببورژناہ
ھمک تہاریءِ آس داتگیں ھیال رداں
لجام بناءِ نگاھاں ودی نہ انت منزل
لجام مسافرءِ اوشتاتگیں ھیال رداں
مہ ترس پہ جیڑگءَ ارواہءِ الوتاں معراج
تئ ھیالءِ تہءِ اڑداتگیں ھیال رداں

☆☆

قدیر لال۔ایف اے،اولی سال

سک ودار بیتگاں بے کرار بیتگاں
شپ شتگ آگہی رھچار بیتگاں
داگ داتگ وتءَ گوں تئ کوھیں گماں
شے مریدءِ وڑءَ درد وار بیتگاں
حفظ کرتگ تئ دیمءِ پاکیں قرآن
ہچ نزانتگ وتءَ زانتکار بیتگاں
گران انت دردءِ دیارزانتگ مرچی قدیر
جست نہ گپتگ کسءَ ما وار بیتگاں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

شمیم میر صابر (الیکٹریشن)

شہرءِ دمکاں ویل انت چراگے روک لوٹیت
ساریں جنکے تڑیت مرچاں گنوک لوٹیت
سرپد نہ انت زاناں دستوراں دنیاءِ
تڑیت زمینءِ آسمانءِ استال ءِ نوک لوٹیت
روچ ءِ شپ گردیت گوں کاڑاں ھمراہ ایں
چونیں مردمے کہ جیگءِ ثر پوک لوٹیت
شمیم زانئے تئ وسءِ نہ انت مہرانی تورگ
عشقءِ گورگندانی سگگءِ دل بروک لوٹیت

☆☆

نعمان داد۔ ایف اے، اولی سال

گوں گم ءِ درداں درد واری کتگ
کسہ یے دوستءِ بے تواری کتگ
تو وتی عادتءِ چہ مجبورئے
من وتءِ جان بے میاری کتگ
گل منءِ ساہءِ وڑءِ دوستئے تو
تو جدا بوتئے آہءِ زاری کتگ
گپ اگاں دوستیءِ بہ بیت نعمان
من ترا ہر کسءِ چہ ساری کتگ

عبدالمنان نظر۔ ایف ایس سی، دومی سال

کدی وشیانی بھار کیت میتگءِ منی
کدی شادانیءِ کرار کیت میتگءِ منی
ہر نیمگءِ لوٹءِ تماھانی بازار انت
کدی واھگانی بامسار کیت میتگءِ منی
کشی سرگوات مرچاں گشئے ابیتکی
کدی رھمتانی سرگوار کیت میتگءِ منی
جتگ بھارتاک شانءِ زورا کیءِ
کدی ڈولداریءِ سینگار کیت میتگءِ منی

☆☆

ندر پہ عمران لالءِ نامءِ

صدام صمد۔ ایف ایس سی، دومی سال

ارس چمانی رچ انت نوں منی
یاد کایاں وھدے نندءِ نیاد تئ
دلءِ درداں گون کےءِ درشان بکناں
نہ بیت بدل دگہ سنگتءِ دوستاں تئ
آ روچ پہ منءِ کدی نہ اتگ
کہ پہ سالونکی ھنی بکتیں دستاں تئ
منی روچ گوں گماں گوز انت
بلے شپ سبا نہ بنت گوں یاداں تئ
ھما انت عمران گوں تو کتگ دوستی
صدام بے یال نہ بیت داتگیں مہراں تئ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

صغیر بشیر۔ بی ایس۔ سوشیالوجی

تئ بے وپائی ءَ پہ من کتاب رودینتگ
ہمک تئ من سوال ءِ جواب رودینتگ
تو من ءَ رایلداتگ، من وت ءَ رار کینتگ
من زندگی ءَ وتی بس گلاب رودینتگ
من چار روچ ءِ گنہ گار زندگی ءَ وتی
بلے من پہ ترا دلبر ثواب رودینتگ
صغیر باریں کدی وشی یے بگندئے تو
ھمک روچ تو پہ وت عذاب رودینتگ

☆☆

سرجم علی بر۔ ایف ایس سی، دومی سال

ناز ءِ وتی ادا آں منی ھوش ءِ سارے برتگ
مرچی ھدا بکنت ھیر منی انتزارے کرتگ
یاذات ءِ پاک ءِ کرم انت ءِ شان انت ذوالجلال ءِ
منی کسمت ئے بکن کہ دیدگانے کرتگ
مرچی ترا من چاراں سیر ءَ دل ءِ کہ بلکیں
اے ائید ءَ پدرواں من، من ءَ بار بارے گشتگ
وتی دیدگانی توک ءَ منی عکسے چیر داتگ
منی واھگ ءِ دل ءِ تو، ترا چون من شمشتگ
اگاں تو منی نہ بوت ئے منی زند من ءَ یلہ دنت
ترا ھال سر بہ بیت کہ سرجم تئ نوں مرتگ

سمیع اللہ سمیع۔ بی اے، گڈی سال

تنگیں درچک پدا ھور ءِ جمبرے لوٹاں
مُرگ شَپد رنگ ءَ وتی چوکہ بندرے لوٹاں
بوآں تالان بکن تو منی زرد ءَ وشیں
نیاد ءِ واسانی تئ کئیلیں پتّرے لوٹاں
پہ منی زند ءَ پدا اوست ءِ چراگے روک کن
من تئ پیمیں مدام بیل ءِ ہمسرے لوٹاں
تئ گماں روکیں سمیع چوکہ اشکر ءِ پیما
من ادا ءِ نازاں گوں پلیں دلبرے لوٹاں
سر بکنت مناں جاہ ءَ وشی ءِ مرادانی
پہ وتی شوھاز ءَ من انچیں رھبرے لوٹاں

☆☆

ندرپہ شمیم صابر ءِ نام ءَ

محمد یاسین عزیز۔ ایف ایس سی، دومی سال

دراں آس زرتگ، دل ءَ پاھار شتگ
دلبر ءِ یار شتگ مئے گشئے کرار شتگ
روچ ءِ انگریں برانزاں بدن پیلو شتگ
کدہ ءِ کیف برے، ہوش پہ ملار شتگ
سر پتگیں تو گشئے پلانی رم ءَ ئے مرچی
کد کنئے نیادے منی زند پہ ودار شتگ
تئ یاسین ءَ شمیم لبز کماتگ پہ تو
چوکہ سولبند ءِ گشئے دروشم ءِ کرار شتگ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

میر جان منیر۔ایف ایس سی، اولی سال

زندگی ءَ آس روک کت جہان ءَ
چوں بداراں باریں من وتی زبان ءَ
تو وتی چم ترونگل ءَ پر کت انت
تو نہ دارئے چی ءَ زندگی ءِ انان ءَ
بے وفائیں دوست ءِ یات ءَ کپتگاں
وھدانچو مئے گوزان انت یک دمان ءَ
مہر ءِ بازار ءَ گار ءِ بیگواھاں
کجا من پولاں وت ءَ جہان ءَ
وت ءَ را داتگ من درد دائم
بگر تو ھالاں چہ میر جان ءَ

☆☆

مجاہد علی۔ایف ایس سی، اولی سال

سچاناں تئ گم ءِ رنجانی آس ءَ
''من ءَ تو یاد کائے بے کاس ءَ''
مدامی نشتگاں تئ راھچاراں
کدی کائے گوں وشیں بو ءِ باس ءَ
دل ءِ سیر ءَ من ءَ را بل نوشاں
من ءَ چست کن بدئے کیپانی تاس ءَ
نہ بیت سر پد منی دیوانگیں دل
گل ءَ را گیر کاریت بے کاس ءَ
ترا را چوں شموشیت تئ مجاہد
تو دیمائے منی ہر وھد ءِ پاس ءَ

☆☆

محمد حلیف۔ایف اے، دومی سال

وتی جند ءِ سنگت ءِ ہمراہ شمشتگ انت
گوں نندگ ءَ شپ ءِ من دین ءِ دنیا شمشتگ انت
تو ساھتے بیا بچار ھال ءَ منی دل ءِ
تئ زیادھیں یات ءَ من وتی عبادت شمشتگ انت
تئ واھگ ءِ نوجل ایت اگاں زانگ ترا بہ بیت
چو چاہڑانی روچے من انسان شمشتگ انت
تئ انتزار ءَ نداں اگاں باور ترا بہ بیت
چہ واری ءَ نوں بازیں ہوش ءِ ساری شمشتگ انت
زیمل بچار حلیف ءَ کمو بزگ ترا نہ بیت
چہ سنگتانی تژن ءَ من وتی دیوان شمشتگ انت

طاہر سبزل۔ایف اے، دومی سال

چراگانی تماشا کتاب رنگیں
آدینک پرسیگ گیاب رنگیں
ھورکیں کامپول ویرانیں
دریا اندر ءَ جواب رنگیں
چاڑ گوں سنگاں بندوکاں
اوپار رُدانیں تیاب رنگیں
ھتم جنزیت مئے نیادانی
درچکیں واھشت نواب رنگیں
شرتگ طاہر گباریں پیداک انت
آپ دئے پُلاں گلاب رنگیں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

اکبر علی ۔ایف اے، اولی سال

کوہ ءِ کانیگ وش آپاں
وابجاہ اوں سِکانی دلکش اَنت
پیشّانی کونر وشتام انت
کوھسارانی گوات وش اَنت
جمبر پہ بھارگاہ ءِ وش انت
ڈنانی سر ءِ اے نوک آپاں
چوشہد ءِ پیمانوک تام انت
وش انت ندارگ میشانی
شوانگ گوں نل آنی آوازاں
وش انت بہارانی موسم
آتراپ چراگاں زیدانی
ساچان ایشاناں وشتر کنت

☆☆

عبدالربی ۔بی ایس سی، گڈی سال

بس منی یکیں توئے کس نیست من ءِ
وھدءِ دست ءِ کپتگاں وس نیست من ءِ
کئے تسلہ دنت کئے بہ سہڑین ایت من ءِ
ارس ءِ دریا زاناں بڈین ایت من ءِ
واھگ ءِ چکاس ءِ دل دات ترا
من ھمنچو پہر بست تئی سرا
من پہ گریوگ روچاں گوازینناں وتی
سد مبارک بات ترا بے ھاجتی
چینچو تھنا تلوس ئے نندئے گس ءِ
تو درامد بوتگ ئے جندءِ گس ءِ
چوکہ گنداں من ترا دیوانگ ءِ
من کپاں عبدالربی تئی ترانگ ءِ

☆☆

گلزار ہمراز ۔ایف اے، اولی سال

اد ءِ مہر پہ نام انت
اد ءِ درداں سلام انت
دل ءِ آسے بلان انت
تئی دید ءِ گلام انت
چم ارس شلان انت
ہر ترمپ تئی نام انت
بیا زند مُجان انت
ئے سھب ءِ ئے شام انت
ہمراز بو ہمراہ
اے راہ دوگام انت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

بے وفائیں دوست

اسلام اعظم۔ایف ایس سی، دومی سال

او بیوفائیں دوست
من ترا دیست شری ءَ
نوں زاناں تو بے وفا یے ئے
وفاءِ گپ ءَ محبن
دروگ اتنت تئ گپ ءِ ھبر
دروگ اتنت تئ توسیپ ءِ شنا
دروگ اتنت تئ گپ ءِ ھبر
دروگ اتنت تئ وعدہ ءِ سوگند
تئ وفاءِ منزل ءَ سفر کنان اتاں
کہ ملوریں چم تئ خمار اتاں
من ءَ درد بوت باپشت ءِ ھبر
کہ تو
گوں وتی ھمبلانی دیوان ءَ گشتگاں
مسنی بابت ءَ
ءِ تو دیما کتگ جی ءِ جان
ءِ پُشت ءَ من ءَ ڈوبار ءِ تہ
من وتی سالونکیں دل سنگارتہ
گوں تئ

دروگیں تسلہ آں
من کہ نشتگاں کتگ تئ توسیپ ءِ شنا
گوں مردماں ءِ تئ دروگیں ستاھانی
بلے
من اوں ترا گشاں
کہ اے دل ءَ وفاءِ درس دیگ بیت مردماں
اے دل ءِ مہر ءِ وفاءِ بازاریں
نوں درا بر تو وفا نزانئے
نوں مہ جل مسنی دل ءَ
من تئ ترا نگ ءِ آس ءَ لگشتگاں
پرچا تئ زھیر ءِ اندوھانی زد ءَ بباں
اے دل آدل نہ انت
کہ پہ تئ نیادے ءَ تلوس اتہ
ماں لنجیں شپاں
نہ واب کپتگاں
نشتگاں بس جیڑ اتہ تئ بابت ءَ
نوں برو دراچہ دل ءَ
دوستانی کمی نہ انت، اے دل ءَ

تئ وڑیں ہزار رپت ءِ شتاں
مہرانی بھار گاہ انت ہر چار نیمگ
ہر گور ءَ آشنائی آشنا
گوں ٹھل ءِ نازاں سر بوتگاں
من وتی منزل ءَ

☆☆

سلیمان رشید۔ایف اے، دومی سال

چو بے مہر مبو چو بیوفا مبو
چو مچار من ءَ چو ھیران مبو
تئ کندگانی سرا من عاشق آں
چو بیوفا آنی وڑ ءَ گار مبو
تو اے قول بکن کہ بیوفا نہ بئے نادان
بس ھمے مئے دعا انت بے وفا مبو
تئ شر رنگی ءَ من ءَ ھیران کتگ
بس مئے وڑیں ملنگانی ھمراہ بو
ھوَ کہ سلیمان پر تو گنوکیں
بس گوں من ءَ جدا مبو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

سیما دیدوک ۔بی اے، گڈی سال

اد ء زر دار کماش انت مذاقے نہ انت
زندوشی ء گمانی آماچ انت مذاقے نہ انت
اگاں بوتیں زند ء سفر چو ارزان
کدی گم کدی وشیانی ملار انت مذاقے نہ انت
اے چونیں کرنے ہر کس گوں وت ء گیش نہ انت
پادگوں تراولاں جزگ ء انت مذاقے نہ انت
گندگ ء گشئے ساریں مردم اد ء شگالاں
دنیاء چاریں کنڈاں کوکار ء توار انت مذاقے نہ انت
من دیدوک گنداں چاگرد ء گپ ء شگاناں
اد ء برات گوں برات ء جیگ ء گلائش انت مذاقے نہ انت

☆☆

شاہ مراد شاہ ۔ایف اے

چراگ روک انت دل ء دیار ء
یک عمرے گوستگ تئ انتزار ء
ھماپہ پلے ء وازمندگ
ھمائی کنگ یے پکار ء
توشربہ شینزار اوزید ء شانتل
کہ سوز مان اِنت تئ توار ء
کجام کشک ء رسیت منزل
کجا چہ بیاراں دل ء کرار ء
من ء بہ پہریز او شاد بہ سمبال
من زندا ڑینگ اے زلپ ء تار ء

ساجد ولی ۔ایف اے، اولی سال

نمیرانیں دل ء دائما ارمان زندگ انت
روکیں کندیلے مئے پکر ء گماں زندگ انت
اے کہریں شپانی آس ء الم گواتے کشیت
سیاھیں شپے مسا پرانی کاروان زندگ انت
اے زورا کیں وھد ء فرعون ء چوں سجدہ کناں
شکر انت رب ء منی انگت ء ایمان زندگ انت
تو سدرند ء بہ چکاس اجگیں بالاد ء منی
داں استیں جہان کنت تراھیران زندگ انت
من ھچ پہ تئ تنگی ء ھلاس نہ باں
اے سیاہ ء تھاریں جمبر ء تو پان زندگ انت
تو وتھنا یک ساجدے مرگ ء ارجان کنئے
کولواہ ء منی وڑیں دگہ خوان زندگ انت

☆☆

گل نواز غمی ۔ایف اے، اولی سال

ترس دئے تہاری ء چراگاں بلاں بکن
پشت ء مچار ھجبر دیما روان بکن
بگز ء ھسد ء کینگ ء آس ء بتوس
مہر ء وفا ء دوستی ء پل ء سُر پان بکن
لوٹ ء تلب ہمیش انت منی زند ء گڈسری
میر ء نواب ء بزگراں یکجاہ کنان بکن
دیریں غمی گمیگ انت گماں عاجز انت غمی
مستاگے وشیانی امل گوات ء دیان بکن

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

من ءَ رابِل

کیا بادل ۔ایف اے، دومی سال

گنوکیں دل پہکے آں

دیستہ زندءِ تہرءِ بازیں دروشمے

ھما پہ دلءِ منزلانی پُنجگءِ مِراں روان

بلے کدی اوں سر نہ بنت

ھلاس باں

بس کسانیں کبرءِ شکّےءِ نشان باں

ایشاں گوں چی گلگ بہ بیت

ھوٗ! ایشاں گوں چی گلگ بہ بیت

وت ءِشہ گوستگاں

وتی ھیال جنزےءِ پتا تگ انت

راستے کہ جہان گوں لیکہاں لیب کنت

بلے نہ مانگ!

ھوٗ نہ مانگ انت

اگاں پہ جان زندگیں پداں اوں مُردگیں

ھما پڑءِ من تو زندگیں نہ جیڑا تگ

کُجا کُجا شتگ، کُجا کا سرانت تو سر پدے؟

من ءَ رابِل

من ءَ رابِل گنو کے آں

گنوک چے گشاں تو سر پدے

زبان بدئے

حامد سوال ۔ایف اے

دوست باں ھما تئ انگت ءِ ھبر

آوھدے ات

من ءِ تو چنڈا تنت کنر

پدا بیاھاں دَورھما

سباہ ءِ نود سمین ءِ کوش کتار کنت

اے زید ءِ پراھگاں بہار کنت

گوزانت شپ جُگ ءِ چوگرانیں

تئ گماں

ءِ روچ ءِ پہ مناں تُشے کرار

گون نیست

پدا کدی تو گوں من ھورے ءِ

ھمنیا دبئے

زبان بدئے---

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

عدنان مقصود۔ ایف اے، اولی سال

سنگتاں گریتگ ءِ پریاتے کتگ
پہ من ءَ مات ءِ منی دعاییے کتگ
کہ سلامت ببات ئے ہر وھد ءَ
آزمان ءِ سرگوات ءَ دعاییے کتگ
لیب ءِ گوازی وتی ڈگاراں کتگ
نشتگ ءِ وپتگاں مات ءِ کُٹّ ءَ وتی
داتگ لیلو من ءَ ماتی ءَ دائما
پہ منی وشیاں واھگ ءِ شادھاں
گپتگ دست ءَ منی تاتاں پادی کتگ
ہر کس ءَ چار اِتگ شیر بچکند اِتگ
وشیانی رگاماں اوں شر گوار اِتگ
منزلے ریتگاں گام جنان ءِ شتاں
ماتی اِشت ءِ من ءِ چم ءِ کلّ ءِ شت ئے
گیر ءِ یاتے منی ساھگ ءَ گون کپت

☆☆

مات ءِ بدل ماتی

تنویر لیاقت ۔ ایف ایس سی۔ اولی سال

بیا منی مات ءِ بدل ماتی منی
من مباتاں دور چہ تو ھجبر ءَ
تو من ءَ چُک اتہ
تو من ءَ کُٹّ ءَ کتہ
من تئی واستا مِراتاں
تو من ءَ چُک اتہ
تو من ءَ رودینتہ
ماتی ءَ راچ مباتیں
ہر شپ ءَ پاسے جتہ، ہر چہار پاسیں شپ ءَ
تو من ءَ کُٹّ ءَ کتہ
بیا منی مات ءِ بدل ماتی منی
من مباتاں دور چہ تو ھجبر ءَ

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

زندگی چوں گوزیت

دلیپ اسحاق ۔ ایف ایس سی ۔ اولی سال

زندگیءِ بارگیں سادءِ بندوکءِ
ھرچ پیاامینءِ دستءِ بندوکئے
کدی ھم آسری دیوانیں پٹءِ
نہ بوت مھکم پورہ تئ پہ یکیں تژنءِ
بلے داشت ذرنگے نزانتیں کُجام کوہ پشتءِ
کوہ پورہ مئے سراچو جبرئیلءِ وڑءِ کپتہ
ھماھد بارگءِ وڑءِ اے سندوکے
زندگیءِ بارگیں سادءِ بندوکئے
ھرچ پیاامینءِ دستءِ بندوکئے
زندگی مئے باریں کئی واستا انتزارایں
سبزیں زمین سُہرتژا تگ گاریں
کدی ھم دژمناں دھوکہ وارتگ چہ سرءِ گاریں
چومہ بیت ہر یکے سوارِ انت مرتگیں ھرءِ
چو بے وڑءِ در کپتگ چہ لوگءِ گندوکءِ
زندگیءِ بارگیں سادءِ بندوکئے
ھچ پیاماہ جبنءِ دستءِ بندوکءِ

وداع

یاسر یعقوب ۔ ایف اے، دومی سال

بیا کہ تئ وداراانت
دوستءِ سنگت تئ راھچارانت
روچ پہتگاں گوں گوستاں
ماہءِ سال اوں مٹّ بوتاں
انگتہ نیا تک ئے تو
کس نزانت کُجائے تو
چہ تئ جدائیءِ
میتگءِ دراھیں
درچکءِ دارگیمرتاں
شانتلانی کو کومدتے بیت گارانت
ڈیہہءِ کوچگءِ دمکاں اوں ابیتکیءِ مانشانتگ
ہر گورءِ کپ انت چم کہ
ہر گورءِ کہ چاراں من
ہر کسءِ کہ گنداں من
بس کپ آں تئ یاتاں من
بیا کہ تئ وداراءِ ایں
دوستءِ سنگت تئ رہچارانت

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

عطا شاد

غالب ءِ غزل ءِ چیزے شئیر انی آزاتیں مانا

مئے نصیب ءَ کہ تئ سنہ ات دیدار نہ بوت
زندودار یگ انت چہ دل ءَ او پار نہ بوت

غم جہان ءِ بیت یا کہ جان ءِ دل بیوس انت
دردی ایں شام ءَ اچ غماں ہچ وار نہ بوت

من نمرتاں اچ دلجمی ءَ تو باور بزاں
زندگاں ما کہ عہد تئ پادار نہ بوت

تئ جتائی ءِ ہر شپ انت سد نیشیں بلاہ
اے منی ساہ انت کہ کدی آوار نہ بوت

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

یوم اقبال کی مناسبت سے ۹ نومبر ۲۰۱۷ کو منعقدہ تقریری مقابلے کی تصویری جھلکیاں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

یوم اقبال کی مناسبت سے ۹ نومبر ۲۰۱۷ کو منعقدہ تقریری مقابلے کی تصویری جھلکیاں

کالج والی بال ٹیم کی لکچرر فزیکل ایجوکیشن کے ساتھ گروپ تصویر

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کالج کی کرکٹ اور فٹبال ٹیموں کا پرنسپل و اساتذہ کے ساتھ گروپ تصویر

عطا شاد کالج اور سید ہاشمی ہائی اسکول تربت کی کرکٹ ٹیموں کا پرنسپل و اساتذہ کے ساتھ گروپ تصویر

عطا شاد ڈگری کالج اور ہائی اسکول چاہسر کی ٹیموں کا لکچرر فزیکل ایجوکیشن و ہیڈ ماسٹر کے ساتھ گروپ تصویر

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کیریئر کونسلنگ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

عطا شاد کی یوم ولادت کی مناسبت سے ۱۵ نومبر ۲۰۱۷ کو منعقدہ تقریری مقابلے کی جھلکیاں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

عطا شاد کی یوم ولادت کی مناسبت سے ۱۵ نومبر ۲۰۱۷ کو منعقدہ تقریری مقابلے کی جھلکیاں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

عطا شاد کی یوم ولادت کی مناسبت سے ۱۵ نومبر ۲۰۱۷ کو منعقدہ تقریری مقابلے کی جھلکیاں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

تقریری مقابلہ بعنوان ''ذرا نم ہو تو یہ مٹی بڑی زرخیز ہے ساقی'' بتاریخ ۲۱ جولائی ۲۰۱۷

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کیچ میگزین

2017-18

حصہ اردو

ایڈیٹر

گلاب احمد بلوچ (لکچرر، شعبہ اردو)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

Scanned by CamScanner

ترتیب نگارشات

مضامین، انشائیے، افسانے، انٹرویو، شخصیات، معلومات عامہ

اداریہ	ایڈیٹر	3
انسان اور اخلاق	صلاح الدین	4
مطالعے کی عادت	امیر بخش کریم	7
نوآبادیت میں غریب	شعیب شاداب	9
ماھکان کنزکہ۔۔	برکت علی	14
پروفیسر امان اللہ کے ساتھ ایک نشست		16
سماجی مسائل اور مذہب۔۔	محسن امان	20
صدقہ جاریہ	امیر حبیب	22
کامیابی کیا ہے	شاہ زیب امان	24
چند قرآنی معلومات	محمد جان	25
کاش	صابر کریم	26
عورت	عظیم اے بی	27
ایک ٹوٹے دل کی آہیں	نعیم عبدالرحمٰن	28
اذان کی ابتداء	وسیم حفیظ	29
چند نصیحتیں	سرفراز	30
بلاعنوان	بشام خان	31
ایک مسافر	مزار شاد	32
محنت اور دعا	وسیم حفیظ	34
ایک ایمان افروز واقعہ	منیر احمد	36
ماں	گل حسن	37
جیش ابرہہ اور اللہ کا عذاب	باقر علی	38
چین پاکستان اقتصادی راہداری	مبارک علی	40
انسانیت کی کمی	الطاف فتح	41
عظیم لوگوں کی سنہری باتیں	عاقب بلوچ	42
سقراط	ریاض سوالی	43
شیخ جیلانی کی وصیت	منیر احمد	44
لیوٹالسٹائی	مبارک علی	45
کافکا	ثناء اللہ	46
عبدالستار ایدھی	اشفاق رضا	48
شاعری (56-49)		

باقر علی شاکر۔ گلاب احمد۔ شعیب شاداب۔ عاطف علی، محمد امین۔ شہاب اکرم، ثناء اللہ فیض۔ عبدالمنان نظر۔ نجیب ڈی ایم، سہراب حنیف۔ قاسم رحمت، نصرت رفیق۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

یین جانیے جب آپ کی تحریریں میں پڑھ رہا تھا تو میرے دل و دماغ کو ایک تازگی مل رہی تھی، اس لیے کہ آپ کے مضامین اور انشائیے روایتی ہونے کے بجائے تخلیقی رنگ میں آپ کے جذبات اور احساسات کی ترجمانی کررہے تھے، افسانے اور کہانیاں نقل اور منقول سے ہٹ کر ہمارے معاشرے کے اندر جھانک کر مسائل کی نشاندہی کر کے آپ کی جستجو اور تڑپ کو ظاہر کر رہے تھے۔ آپ کی شاعری اور غزلیں عطا شاد اور میر و غالب کی کہی ہوئی نہ تھیں بلکہ عطا شاد اور مراد ساحر کی ادھوری منزل کی تلاش اور تخیلات کی پرواز کا عکس پیش کررہی تھیں۔ الغرض آپ سب کے فن پارے ہمارے اخلاقی، علمی، ادبی اور تخلیقی پیاس بجھانے کے سامان اور کیچ کی سرزمین کو سیراب کر کے ہریالی اور سرسبز و شاداب موسم بہار کی نوید ہیں۔

انسان کے اندر ایک کائنات بند ہے اور سوچ وہ انرجی ہے جو بند رازوں کو باہر نکال لیتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ کہ وہ متحرک ہو۔

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں

کیچ میگزین تو ہے ہی وہ پلیٹ فارم جس کے ہر صفحے پر ایک خوب صورت دنیا ہو جس میں آپ اپنی تصویر کے ساتھ ساتھ ہزاروں تصویروں کی نمائش کرسکیں جو خود آپ کو اور دوسروں کو غور و فکر پر مجبور کر سکے اور ایک تجسس میں ڈال سکے اور اس کے نتیجے میں آپ ''زندگی'' کو سیکھ سکیں کیوں کہ آج کے انسان کو زندگی کی تلاش ہے۔

خود سے سوال کریں خواب دیکھیں لیکن خواب اور خواہش میں فرق کو ملحوظ رکھیں خواہشیں آپ کو بیگانگی میں مبتلا کر دیتی ہیں جبکہ خواب آپ کو متحرک رکھتی ہیں اور چین سے بیٹھنے نہیں دیتیں۔

جھپٹ کر پلٹنا پلٹ کر جھپٹنا
لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ

اپنی صلاحیتوں کو پہچانیں آپ کسی سے کم نہیں آج آپ مختلف اداروں اور زندگی کے مختلف شعبوں میں جس جس کو دیکھ رہے ہو وہاں کل آپ ہو گے اس لیے اگر آج آپ نے قربانی دی تو کامیابی کل آپ کے قدموں تلے ہوگا۔

والسلام

گلاب احمد بلوچ (لکچرر، شعبہ اردو)
ایڈیٹر ''کیچ'' میگزین، حصہ اردو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

انسان و اخلاق

صلاح الدین (اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامیات)

"اِنَّکَ لَعَلیٰ خُلُقٍ عَظِیمٍ"۔

"ترجمہ" بے شک آپ ﷺ اخلاق کے بلند ترین مرتبے پر فائز ہیں۔

انسان کو زندہ رہنے کے لئے بیشمار چیزوں کی ضرورت ہے جسے کھانا پینا وغیرہ اسی طرح اسے مختلف موسموں مختلف حیوانات مختلف بیماریوں اور مختلف دشمنوں سے اپنے بچاؤ کی ضرورت ہوتی ہے۔ چونکہ انسان کو اللہ تعالیٰ نے عقل سلیم عطا کیا ہے اس لئے انسان حتی الامکان اپنی ضروریات کو بھی پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اپنی بچاؤ کی بھی تدبیریں کرتا رہتا ہے۔



انسان چونکہ اکیلا زندہ نہیں رہ سکتا ہے اور اپنی بے شمار ضروریات کو بھی پورا نہیں کر سکتا اس لئے مل جل کر رہنے کا فن بھی کافی حد تک سیکھ چکا ہے اور مشترکہ طور پر مندرجہ بالا ضرورتوں کو پورا کرنے میں لگا رہتا ہے۔

جب ہم لفظِ اشتراک کی بات کرتے ہیں تو ہم اصولوں اور قاعدوں کے محتاج ہو جاتے ہیں اور یہ اصول اور قاعدے ایک طرح کی پابندیاں ہوتی ہیں جن میں سے بیشتر لوگوں کو یاد رہتے ہیں اور ان کو اپنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان اصولوں اور قاعدوں پر عمل نہ کرنے کی صورت میں ہمیں دو طرح کی پریشانیوں کا سامنا رہتا ہے کچھ وہ پریشانیاں ہیں جن کے نتائج فوری طور پر ظاہر ہوتے ہیں جیسے قتل، چوری ٹریفک کی خلاف ورزی میں حادثات وغیرہ

دوسری قسم کی پریشانیاں جن کے اثرات نسبتاً

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

آہستہ ظاہر ہونے لگتے ہیں جیسے وعدہ خلافی ، چغل خوری ، جھوٹ ، بد دیانتی وغیرہ

مندرجہ بالا دونوں قسم کی پریشانیوں سے بچنے کے لئے انسانوں نے مختلف قانون سازیاں کی ہیں تا کہ معاشرہ سکون سے رواں دواں رہے۔لیکن اکیلا قانون سازی ان پریشانیوں کو ختم کرنے میں کافی نہیں ہوتا۔ بلکہ ایک احساس بیدار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تا کہ لوگ ان پریشانیوں سے زیادہ سے زیادہ نجات پا سکیں ، اور یہی احساس اخلاق ہوتا ہے۔ اخلاق ، خلق کی جمع ہے جس کے لغوی معنی فطرت ، عادت اور طبیعت کے ہیں اور اصطلاح میں انسان کی اچھی اور مرغوب عادتوں کو اخلاق بولا جاتا ہے اور بری عادات اور اطوار کے لئے برا اور بد کا سابقہ اخلاق کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔

کبھی کبھی میں کلاس کے بچوں سے سوال کرتا ہوں کہ گاڑی ، موٹر سائیکل یا دوسری مشینیں جو اتنی تیزی سے گھومتی ہیں اور جن کے اور جن کے اندر گراریوں کا ایک انبار ہوتا ہے جو ایک دوسرے کو رگڑتے ہوئے گھماتے ہیں لیکن اس کے باوجود گراریاں کافی عرصے سے چلتی ہیں اور گھستی نہیں اور نہ ہی آگ پیدا کرتی ہیں تو ان کا جواب ہوتا ہے چونکہ انجن کے اندر آئل ہوتا ہے پھر میں کہتا ہوں کہ ہم جو روزمرہ کی زندگی میں خدا جانے کتنے لوگوں سے ملتے ہیں ان سے کام لیتے ہیں اور ان کے لئے کام کرتے ہیں اور جو چیز ہمیں ٹکراؤ اور نقصان سے بچاتی ہے وہ ہمارا اخلاق ہی ہوتا ہے جو آئل کی طرح ہماری زندگی کو نرم اور آرام دہ بناتی ہے۔

انسان کو ترقی کے لئے انتہائی آسودہ ماحول کی ضرورت ہوتی ہے جہاں وہ آسودگی سے سوچ سکے اور آسودگی سے اپنی سوچ کو عملی جامہ پہنا سکے۔

آپ تصور کریں جہاں اچھے اخلاق کا فقدان ہو وہاں سے ایک آدمی صبح کو ایک معمولی کام کے لئے باہر نکلتا ہے اور مختلف بد اخلاقیوں کا شکار ہو کر انتہائی مایوسی اور بد دلی کے ساتھ واپس لوٹتا ہے تو اس کی ذہنی کیفیت کیا ہو سکتی ہے آج کے دور میں تو لوگ ان دباؤ سے بچنے کے لئے مختلف دوائیاں استعمال کرتے ہیں تو ایسے معاشرے کے لوگ ایکدوسرے سے لڑنے اور انتقام نہ لینے کا نہ سوچ کر اور کیا سوچیں گے۔

اب ہم آتے ہیں مغربی معاشروں کی طرف جن کو کئی لوگ رول ماڈل سمجھتے ہوں گے اور وہاں کی ساری مادی ترقی کو دیکھ کر اخلاق اور بد اخلاق جیسی باتوں پر غور کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

دراصل ان معاشروں میں بداخلاقی کا ذکر زیادہ تر جنسی بے راہ روی کے اعتبار سے ہوتا ہے اور دوسری طرح کی بد اخلاقیاں جیسے کرپشن، چوری اور آپس کی ناانصافیاں وغیرہ نسبتاً کم ہوتے ہیں اور وہ اپنی مادی ترقی پر کسی مصلحت کے شکار نہیں ہوتے اس لئے وہ مادی طور پر ہم سے آگے رہتے ہیں۔

ہم کیوں بداخلاقی پر مصلحتوں کے شکار ہوتے ہیں شاید اس کی یہ وجوہات ہوں:

☆ ہوسکتا ہے کہ کچھ لوگ اخلاق کو اپنے مخصوص خواہشات کی تکمیل کی راہ میں رکاوٹ سمجھتے ہوں۔

☆ ہوسکتا ہے کچھ اخلاقی واعظین و مبلغین کو بھی بداخلاقی کرتے ہوئے دیکھ کر ہمیں لگتا ہے کہ یہ ایک محض زبانی جمع خرچ ہے۔

☆ ہوسکتا ہے ہم اپنے معاشرے کو زیادہ اخلاقی پابندیاں نہ کرتے ہوئے چلتا دیکھ رہے ہیں بلکہ کچھ افراد تو کرپشن اور غیر قانونی تجارت سے کاروبار کر کے ہمارے معاشروں میں نہ صرف پر تعیش زندگی گزار رہے ہوتے ہیں بلکہ اچھی شہرت بھی پا چکے ہوتے ہیں۔

☆ ہوسکتا ہے ہم آزاد خیال معاشروں کو بداخلاقی کے ساتھ مادی لحاظ سے ترقی کرتے دیکھ کر اخلاق کی قدر و قیمت کو کم محسوس کرتے ہوں۔

☆ ہوسکتا ہے کچھ لوگوں میں مذہبی رجحان کم ہوتا ہے اور وہ مذہب اور اخلاق کے خلاف پروپیگنڈوں سے متاثر ہوتے ہوں۔

آج کے دور کی ایک بڑی بدقسمتی ریاستوں کی کمزوری ہے جس کے نتیجہ میں معاشروں میں بدامنی، مایوسی اور بے شمار غیر اخلاقی سرگرمیاں پیدا ہو چکی ہیں۔ اور ہم رونا رو رہے ہیں کہ معاشروں میں دیانتداری، ایفائے عہد، سچائی، عدل و انصاف احترامِ قانون، کسب حلال اور ایثار وغیرہ جیسے صفات ناپید ہو چکے ہیں۔ ان سب کی واپسی ہمارے اچھے اخلاق سے ہی ممکن ہے۔

☆☆

تمہاری اصل ہستی
تمہاری سوچ ہے، باقی تو
صرف ہڈیاں اور خالی گوشت
ہے۔

مولانا جلال الدین رومی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

مطالعے کی عادت

امیر بخش کریم، لکچرر، شعبہ بلوچی

حضرت علیؓ نے کیا خوب کہا ہے کہ کتاب اہل علم کے لئے ایک باغ ہے، مطالعے اس باغ کی سیر اور حکمت اس کی خوشبو ہے۔ حضرت امام غزالی کا کہنا ہے کتابیں بڑھاپے میں رہنما، جوانی میں تفریح اور تنہائی میں بہترین رفیق ثابت ہوتی ہیں۔

ارسطو کا کہنا ہے ''اچھی کتاب اچھا انسان بناتی ہے''۔ اگر آپ اپنی دوستی کتابوں سے مضبوط کریں گے تو پھر کتابیں آپ کو دنیا بھر کی سیر کرواتی ہیں۔

جب آپ آئینہ دیکھیں گے تو صرف آپ کو اپنا چہرہ نظر آئے گا مگر مطالعہ کرنے سے آپ دنیا کے بارے میں معلومات اکھٹی کریں گے۔

ابراہم لنکن نے جب کتاب سے دوستی کرلی تو مطالعہ نے اسے امریکہ کا صدر بنوایا۔ جب ابراہم لنکن نے کرافورڈ کی بیگم سے کہا ''اب وہ پڑھے گا لیکن بیگم کرافورڈ کو لڑکے کی بات پر ہنسی آگئی وہ بولا میں پڑھوں گا بیگم صاحبہ! پڑھ لکھ کر ملک کا صدر بنوں گا۔

وہ ادھار کی کتابیں زبانی یاد کرلیتا اور پھر جا کر یہ کتاب واپس کر دیتا۔ ایک دن اسے پتہ چلا کہ پندرہ میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں میں گرائمر کی کتاب مل سکتی ہے یہ سنتے ہی وہ پیدل چل پڑا مصیبت یہ تھی کہ اس کے گھر میں روشنی نہیں تھی، بیچارہ جھاڑیاں جلا جلا کر آگ کی روشنی میں پڑھتا، یہی غریب اور محنتی لڑکا بعد میں امریکہ کا صدر بن گیا۔

مذکورہ بالا مثال سے یہی اخذ کی جاسکتی ہے کہ مطالعہ کی عادت اپنانا اتنا ہی ضروری ہے جتنا انسان کے لئے ہوا اور پانی، مگر بدقسمتی سے ہم نے بڑی بڑی ڈگریاں حاصل کی ہیں لیکن ایک اچھے اور ذمہ دار انسان نہیں بن پائے، آئیے ان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

باتوں کا جائزہ لیں جو ہماری راہ میں رکاوٹ ہیں۔ سب سے بڑی رکاوٹ کیبل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ کا بے جا اور فضول استعمال ہے جو کہ ہم مفت میں اپنا قیمتی وقت ان کے استعمال سے ضائع کرتے ہیں۔ اپنی کتابوں اور مطالعہ سے دور رہتے ہیں فیس بک اور وٹس ایپ میں فضول چیزیں دینے میں اپنا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں۔ یہی عادات مستقبل میں ہماری زندگی کو اجیرن بنا دیتی ہیں اور ہماری ذہنی کیفیت ایک اجڑے گلستان کی طرح بن جاتی ہے۔

دوسری سب سے بڑی رکاوٹ ٹال مٹول اور بہانہ سازی ہے، حکیم محمد سعید نے اس بارے میں کہا ہے وقت کی ناقدری سے غلاموں کی زنجیریں پیروں میں پڑ جاتی ہیں۔ افلاطون کے مطابق وقت ایک زمین ہے جس میں محنت کے بغیر کچھ پیدا نہیں ہوتا، اگر محنت کی جائے تو یہ زمین پھل دیتی ہے۔ اور بیکار چھوڑ دی جائے تو خاردار جھاڑیاں اگ آتی ہیں۔ اگر آپ وقت کی قدر کریں گے تو وقت آپ کی قدر کرے گا۔

تاریخ گواہ ہے جن لوگوں نے وقت کی قدر کی وقت نے انہیں سونے کا تاج پہنایا۔ ایک طالب علم کے لئے وقت بڑی اہمیت رکھتا ہے اس کی ناقدری اسے ضائع کر دیتی ہے اگر آپ بیج کو وقت پر اگائیں گے تو یہ آپ کو پھل اور ثمر دے گا اور بہترین فائدہ بھی۔ وقت پر بیج نہیں بویا تو یہ ضائع ہو جائے گا۔ جس نے وقت کی قدر جانا وہ عظیم شخصیتوں کی صف میں کھڑا ہو گیا، جس نے وقت کو ضائع کیا سمجھ لو اس نے اپنے آپ کو ضائع کر دیا۔ خدارا وقت کو ضائع نہیں کریں وقت سے فائدہ اٹھائیں اور اپنی زندگی اور مستقبل کو روشن بنائیں۔ مطالعے اور محنت کی عادت اپنائیں اپنے لیے کچھ بن کے دکھائیں۔ تمہارا سب کچھ صرف تمہارے لیے ہیں کسی دوسرے کے لیے کچھ نہیں کرو گے تو صحیح اپنے لیے تو کچھ کرو۔ بقول اقبال:

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن اپنا تو بن!

انسان کچھ نہیں ہے عارضی شے ہے اس کا کردار و عمل اسے فرش سے عرش تک لے جاتا ہے بقول شاعر:

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

☆☆

تعلیم حقائق کو سیکھنے کا نہیں، بلکہ دماغ کو سوچنے کا طریقہ سکھانے کا نام ہے۔
البرٹ آئن اسٹائن

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

نوآبادیت میں غریب

شعیب شاداب، لکچرر، شعبہ اردو

عشاء کی آذان ہوچکی تھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش برس رہی تھی۔ رات کی گھپ چارسُو پھیلی ہوئی تھی۔ آسمانی بجلی کی چمک، گرج دار آواز کے ساتھ لگاتار سمندر پر پڑ رہی تھی اور ساحل پر ٹکرانے والی شور ریدہ لہریں ماحول کے بھیانک میں اضافہ کررہی تھیں۔ دوسرے ملاح اپنی کشتوں کو ساحل پر باندھ کر کب کے گھر جاچکے تھے۔ اپنا شکار ہونے پونے داموں بیچنے اور کشتی کو ساحل پر باندھنے کے بعد جوں ہی میران کلمتی گھر پہنچا تو اچانک بیوی نے آواز دی۔

''مچھلیاں کہاں ہیں؟ صبح سے بچے بھوکے ہیں اور آپ کے آنے کا انتظار کررہے ہیں، گھر میں کھانے کو کوئی چیز نہیں ہے۔ دکان بھی بند ہوگئی ہے''۔

شکار بہت کم تھے ساحل پر بیچ دیئے۔ ابھی جا کر ساتھ والے گاؤں کی دکان سے چاول خرید کرلاتا ہوں۔ اُس نے پگڑی سر پر پہن لی اور شال جسم پر لپیٹ کر بائی سائیکل پر بیٹھ گیا۔ سڑک اُس سے تھوڑی دُور تھی اور وہ اُس کی جانب جارہا تھا۔ اچانک اُس نے دیکھا کہ چار موٹر سائیکلوں پر سوار کچھ لوگ تیز رفتاری کے ساتھ شہر کی جانب جارہے ہیں۔ وہ ایک جھاڑی کی اوٹ میں کچھ دیر کے لیے رُک گیا اور سڑک کی جانب دیکھتا رہا اتنے میں انگریز فوجیوں کی ایک ٹرک بھی تیز رفتاری کے ساتھ شہر کی جانب جاتے ہوئے دکھائی دیا۔ جس میں فوجیوں کے چیخنے اور چلانے کی آوازیں آرہی تھیں۔

میران کلمتی فوراً سمجھ گیا کہ حالات ٹھیک نہیں ہیں اسی لیے اُس نے سڑک سے جانے کا ادارہ ترک کیا اور بارش میں بھیگتا، پگڈنڈیوں اور نالوں سے ہوتا ہوا ساتھ والے گاؤں روانہ ہوگیا۔ اتنے میں دکاندار، دکان بند کرنے والا تھا کہ وہ پہنچ گیا اور چاول لے کر جلدی اپنے گاؤں کو روانہ ہوگیا۔ اُس کے کپڑے بھیگے ہوئے تھے اور سرد ہوائیں جسم میں اس قدر پیوست ہورہی تھیں کہ وہ کانپ رہا تھا۔ سوچا کہ اب سڑک پر چلوں تاکہ جلدی گاؤں پہنچ سکوں اور دیر ہونے کی صورت میں بچے بھوکے پیٹ نہ سوجائیں۔

گرج چمک کے ساتھ بارش جاری تھی۔ گاؤں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

سنسان تھا اور گھروں کی کھڑکیوں سے ہلکی ہلکی سی روشنی نظر آرہی تھی، وہ ایک گلی سے گزر رہا تھا کہ اچانک ایک کتے نے بھوکنا شروع کر دیا اور گلی کی نکڑ پر بجلی کی چمک سے ایک انگریز فوجی سر پر ٹوپی اور لمبا سا برساتی کوٹ پہنے کھڑا دکھائی دیا۔ اُسے دیکھ کر میران کلمتی چونک گیا۔ انگریز فوجی نے دُور سے آواز دی ''وہیں پر رُک جاؤ اور سائیکل سے نیچے اترو''۔ ڈر کے مارے وہ رُک گیا اور سائیکل سے نیچے اُتر گیا۔ ٹارچ لگا کر انگریز فوجی نے زوردار آواز دے کر پوچھا ''کون ہو تم''؟

اُس نے ڈرتے ڈرتے جواب دیا۔

صاحب! میں مقامی ہوں، ساتھ والے گاؤں میں رہتا ہوں، چاول خریدنے آیا تھا۔ اپنے گاؤں کی دکان بند تھی، صاحب!

انگریز فوجی کے زور سے بندوق کی لاک کھولنے پر میران کلمتی چونک گیا اور انگریز فوجی آہستہ آہستہ اُس کی جانب بڑھ رہا تھا۔ اُس نے ڈر کے مارے دوسری گلی میں پیدل ڈونا شروع کر دیا کہ اچانک گولی کی آواز سے میران کلمتی کی بھیگی پگڑی سر سے اُڑ کر مکان کی دیوار پر جا لگی اور وہ زمین پر گر گیا، ساتھ ہی گولیوں کی ایک قطار دیوار میں پیوست ہوگئی۔ وہ اٹھا اور بھاگتا ہوا انگریز فوجی کی نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ انگریز فوجی کے پاؤں کی آہٹیں بارش کے پانی کے ساتھ میران کلمتی کے کانوں میں پڑ رہی تھیں۔ اُس نے بھاگتے ہوئے خود کو گاؤں کی آخری گلی تک پہنچا دیا اور ایک دیوار کے ساتھ کھڑا ہو کر اپنی مجبوری اور بیوی بچوں کی یاد میں رونے لگا، اتنے میں بجلی زور سے چمکی اور سامنے ایک مقامی شخص دکھائی دیا۔ اب میران کلمتی مزید گھبرا گیا، اور مقامی شخص، میران کلمتی کی جانب بڑھ رہا تھا، وہ بھاگنے ہی والا تھا کہ مقامی شخص نے آواز دی ''رُک جاؤ''۔

میران کلمتی رُک گیا اور ڈرنے لگا۔ اُس نے پوچھا ''کون ہو تم اور یہاں پر کیا کر رہے ہو''؟

میران کلمتی نے ڈرتے ڈرتے جواب دیا۔

صاحب! میں مقامی ہوں، ساتھ والے گاؤں میں رہتا ہوں، چاول خریدنے آیا تھا۔ اپنے گاؤں کی دکان بند تھی، صاحب!

''کس کے لیے مخبری کرتے ہو''؟ اُس کی آواز میں خوف تھی۔

مخبری نہیں کرتا صاحب! چاول لینے آیا تھا۔ میران کلمتی نے عاجزی سے جواب دیا۔

اچانک اُس نے بندوق کی لاک زور سے کھول دی اور میران کلمتی جانب بڑھنے لگا۔ اُس نے گھبرا کر بھاگنا شروع کر دیا، مقامی شخص میران کلمتی کے پیچھے دوڑ کر آواز دے رہا تھا اور اچانک اُس کے بندوق سے نکلی گولی میران کلمتی کے ہاتھ میں پکڑے چاول کے تھیلے کو چیرتی ہوئی نکل گئی جس سے میران کلمتی کا ہاتھ ہلکا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ہو گیا اور سارا چاول بارش کے پانی میں بہہ گیا۔ وہ دوڑتا ہوا نالے میں کود پڑا اور گاؤں سے تھوڑا دُور سڑک پر پہنچ گیا۔ اچانک گاؤں کی جانب دو طرفہ فائرنگ کی آواز فضا میں گونجنے لگی اور پھر بند ہو گئی۔

میران کلمتی کا شال نالے میں بہہ گیا تھا اور سردی کے مارے میرا سارا جسم کانپ رہا تھا، سڑک پر تھوڑی دُور چلنے کے بعد پیچھے سے لائٹ کی روشنی نظر آنے لگی، میران کلمتی نے مڑ کر دیکھا تو دو موٹر سائیکلوں کے لائٹ کی روشنیاں کچھ فاصلے سے اُس کی جانب بڑھ رہی تھیں۔ اب میران کلمتی مزید دوڑنے لگا اور سمجھ گیا کہ وہ اُس کا پیچھا کر رہے ہیں۔ اُس کے گھبراہٹ میں اضافہ ہوتا گیا اور اُس میں چلنے کی ہمت بھی باقی نہیں رہی۔ یہاں میران کلمتی نے اپنی موت کو یقنی جانا اور اس امید سے سڑک کے کنارے کھڑا ہو کر اپنی جانب بڑھنے والے موٹر سائیکلوں کی روشنیوں کو دیکھ کر سوچتا رہا کہ کل صبح شہر جانے والی پہلی گاڑی کو اُس کی لاش ضرور مل سکے گی۔

موٹر سائیکلیں اُس کی جانب بڑھ رہی تھیں اور اُس کی آنکھوں سے آنسو امڈ رہی تھیں، کہ اچانک گولی کی رفتار سے پہلا موٹر سائیکل اُس کے قریب سے گزرا اور سڑک پر پھیلے سارے کیچڑ اُس کے کپڑوں اور چہرے پر آ کر لگے۔ اُس نے قمیض کے دامن سے اپنا چہرہ صاف کیا اور پیچھے مڑ کر دیکھا تو اُس کی لائٹ کی روشنی بارش کے قطروں میں پیوست ہو کر نظروں سے اوجھل ہو گئی۔ اتنے میں دوسرا موٹر سائیکل اُس کی جانب بڑھ رہا تھا اور اُس کے خوف میں اضافہ کر رہا تھا۔ موٹر سائیکل سوار نے دُور سے اُسے دیکھ لیا اور موٹر سائیکل کی رفتار کم کر دی اب میران کلمتی کانپ رہا تھا اور موٹر سائیکل اُس کے قریب آ کر رُک گیا۔ بارش برس رہی تھی، موٹر سائیکل کی تیز لائٹ کی روشنی میران کلمتی کے چہرے پر لگی ہوئی تھی اور موٹر سائیکل سوار کا چہرہ نظر نہیں آ رہا تھا۔ میران کلمتی اُسے معصومیت کے ساتھ دیکھ رہا تھا اور ڈرتے ڈرتے کہنے لگا۔

صاحب! میں مقامی ہوں، ساتھ والے گاؤں میں رہتا ہوں، چاول خریدنے آیا تھا۔ اپنے گاؤں کی دکان بند تھی، صاحب! مخبری نہیں کرتا صاحب! چاول لینے آیا تھا۔

اُس کے موٹر سائیکل کی لائٹ میران کلمتی کے چہرے پر برابر لگی ہوئی تھی اور وہ میران کلمتی کو حیرانگی سے تک رہا تھا۔

''کنڈ ملیر میں؟ کس کے بیٹے ہو''؟ اُس نے پوچھا۔

صاحب! مرحوم مچھیرا رسول بخش کلمتی کا بیٹا ہوں۔

''کیا کام کرتے ہو''؟ اُس نے پھر سوال کیا۔

''ملاح ہوں! صاحب۔ ابراہیم سنگھور کی چھوٹی سی کشتی ہے۔۔۔۔ میرے پاس''۔ میران کلمتی نے عاجزی سے مکمل شناخت بتا دیا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

''تمہارے چاول کہاں ہیں''؟ اُس کے سوالات کا تسلسل برقرار تھا۔

انگریز فوجیوں نے فائرنگ کردی، چاول زمین پر بکھر گئے۔

صاحب! میران کلمتی نے بہتے اشکوں کے ساتھ جواب دیا۔

''آؤ بیٹھ جاؤ تمہیں گاؤں چھوڑ دیتا ہوں۔ میں قوم پرست چاکر کلمتی کا بیٹا ہوں، آپ کو مجھ سے گھبرانے کی کوئی ضرورت نہیں ہے''۔ اُس نے تعارفی کلمات کے ساتھ کہا۔

موٹر سائیکل تیز بارش کا مقابلہ کرتا اور سڑک پر پھیلے کیچڑ کو اُڑاتا ہوا آگے بڑھ رہا تھا اور وہ دونوں سرد ہواؤں کی وجہ سے ٹھٹھر رہے تھے۔ ''شام کو شہر سے نکلا ہوں بارش رُکنے کا نام نہیں لیتا۔ یہ تو اچھا ہوا کہ راستے میں ہوٹل پر تھوڑا رُک گیا ورنہ اتنی دُور تک بارش میں موٹر سائیکل چلانا میرے بس میں نہیں، اور آج علاقے کے حالات بھی بہت خراب ہیں، ہوٹل میں آل انڈیا ریڈیو سے خبر نشر ہو رہی تھی کہ جنوبی بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں ایک مرتبہ پھر حالات کشیدہ ہو گئے ہیں۔ کوئٹہ سے ایجنٹ ٹو دی گورنر جنرل آف بلوچستان کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ آج رات شہر سے آئے ہوئے چار موٹر سائیکلوں پر سوار آٹھ چھاپہ مار باغیوں نے ساحل پر قائم انگیریز فوجیوں کی ایک کیمپ پر دیسی بموں سے حملہ کر دیا ہے اور فرار ہو گئے ہیں۔ اس حملے میں سات انگریز فوجی ہلاک اور پانچ زخمی ہو گئے ہیں۔ مقامی پولیٹیکل ایجنٹ کے مطابق ساحل کی قریبی بستیوں میں چھاپہ مار باغیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں''۔ وہ باتیں کر رہا تھا اور میران کلمتی خاموشی سے سُن رہا تھا کہ اتنے میں اُس نے میران کلمتی کو ''کنڈملیر'' کی پہلی گلی کے نکڑ پر اُتار دیا اور اپنے گاؤں کی جانب روانہ ہو گیا۔ اچانک میران کلمتی کے منہ سے بڑی مشکل سے نکلا، میرے گھر چلو بارش بہت تیز ہے۔ لیکن میران کلمتی کی یہ صدا بارش کی آواز سے اونچی نہ تھی اور اُس کے کانوں تک نہ پہنچ سکی۔

سمندر کی لہریں ساحل سے تسلسل کے ساتھ ٹکرا رہی تھیں جن کے شور سے گاؤں کی فضاء پر خوف کا منظر طاری تھا۔ میران کلمتی گلی سے ہوتا ہوا اپنے گھر کی جانب بڑھ رہا تھا کہ اچانک ایک کتا بھوکتا ہوا اُس کی جانب بڑھنے لگا۔ میران کلمتی نے ایک پتھر اُٹھا کر اُس کی جانب پھینک دیا تو کتے نے ایک زوردار چیخ نکالی اور دیوار پر چڑھ کر دوسری جانب چھلانگ لگا دی۔ جب میران کلمتی اگلی گلی کی جانب مُڑا تو سر پر ٹوپی اور لمبا سا برساتی کوٹ پہنے کھڑے ایک انگریز فوجی کی ٹارچ کی روشنی اُس کے چہرے پر پڑی۔ ''ہاتھ اوپر کرو اور ادھر آ کر تلاشی دو، بھاگنے کی کوشش کی تو گولی مار دوں گا'' انگریز فوجی کی آواز میں خوف تھا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

آئی ءِ کرناں پیسر دیما آورتگیں لیکہ ءِ ھیال ءِ رھبند اِستاناں وتی کانود جوڑ کتگ انت۔ اے کمال وانگ ءِ زانگ ءِ مُز اَنت۔ ھمیشانی وھدءَ یا کہ چریشاں پد جہان ءِ تہا بازیں ھاکم، ھزگار ءِ مگیم اتگ ءِ گوستگ ءِ شتگ انت، بلے کئے یے زانت ءِ پجاہ کاریت؟

بلے داں ابد نمیرانیں واجہیں ارسطو ءَ کئے نزانت۔ وانگ ءِ زانگ ءِ انچیں تُنیگ یے بوتگ چوشکہ ارواہ ابید گوات ءَ دم کشگ ءَ یلہ بدنت۔

زانت ءِ زانت ءِ ہچ چشیں تک ءِ پڑ ءِ پھنات نیست کہ وتی پجار ءَ ابید اے واجہ ءَ سرجم کت بکنت۔ داں مزن نام ءِ تواریں سیموئل ٹیلر کولرج گشیت کہ ''ہچ باریگ ءِ انسان ارسطو ءِ سان ءِ اثراں چہ رک ات نہ کنت''۔ یا کہ جان ڈرائیڈن گشیت کہ ''ارسطو وتی پگر ءِ درپشاں چہ سرجمیں جہان رژنا کتہ''۔

ایشاں ابید سرجمیں جہان ءِ راجد پترءَ دیما کن بچار ہرھما انسان وانگ ءِ زانگ ءَ گوں گیشتر بندوک بوتگ۔ آئی ءَ الم ءَ دنیاءَ را چیزے ناں چیزے داتگ۔ مرچیگیں وھد ءِ باریگ وَھاس ھمے لوٹ ءَ کنت کہ مرچیگیں پدرپچ ءِ نودر برہمنچو گیش دربہارت، مرچی نا امیتی ءِ میّت ءَ بار دیگ بوتگ۔ زانت ءِ زانگ پہ وتی واھندءَ درپشنا کین راہ ءِ منزل وت پولان کنت۔ پہ بنیآدم ءَ وانگ ءِ زانگ انچو ھڑدری انت چوشکہ پہ ماھیگ ءَ آپ، پہ زندگ بوگ ءَ، اگاں کسے ھورتی ءَ تپاس ات ءِ مار اِت کنگ ءَ سنچ ءِ بود ءِ واھند بوت بہ بیت۔

وانگ ءِ زانگ پہ بنیآدم ءَ اگاں الی ءِ ھڑدری مبوتیں گڑا راست گش ءِ امانت دار ءِ ماتکوھیں او پارے ءِ واھند، پہل کنگ ءِ درگزر کنگ ءَ مستریں بیر گرگ گشوکیں واجہ محمد ﷺ ءَ نہ گشتگ ات کہ'' وانگ ءِ زانگ ءِ ھاترءَ داں چین ءَ روگ کپت بروٗ''۔ چوشکہ آوھدءَ مکہ ءِ مدینہ یا کہ آدمگ ءِ مردمے ءِ ھاترءَ چین ءِ روگ ارزانیں ھبرے نہ بوتگ۔ بلے وانگ ءِ زانگ ءِ ارزشت ءَ سرپدیں واجہءَ روگ ءِ سکین داتگ۔

مرچی دنیا کہ ھما سرانی ھیال ءِ لیکھاں اثرمند بوّان انت ءِ دیماروان انت، یا کہ ھماھاں کہ ایوک دنیاءَ را چیزے ناں دات کنگ ءِ سنچ ءِ بود بوتگ، ایشانی تہا گیشتر وتی زند ءِ ھیاتی ءَ دل جسکیں جاورانی دیمپان بوتگ انت، نگیگ ءِ دل بڑیں جاور ھالاں گوستگ انت پرآھاں اینچو آسراتی اوں نہ بوتگ۔ بلے وانگ ءِ در برگ ءِ جزم ءِ تہمبل چہ ماتکوھاں مھکم تر بوتگ انت۔

دلی واھشت ءِ ارمان انت کہ ما ءِ مئے توایں نودر بر ءِ مکتبی وانگ ءِ زانگ ءَ وتی زندمان ءِ مول ءِ مراد بزان انت ءِ وانگ ءِ زانگ ءِ عشق ءِ بکشاتگیں راست ءِ دائمی شادمانیان وتی زندگی ءِ تہا ھوار گیج انت۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ماھکان کنز کہ مھتاب لگت بیت
(ءُ) گرک ءَ چہ جناں دل زرتگ

برکت علی، لکچرر، شعبہ انگلش

گو کہ موضوع کے اعتبار سے یہ مضمون بلوچی میں ہونا چاہیے لیکن دوسروں تک اپنی زبان وتہذیب کے رنگ پہنچانا بھی ہماری ذمہ داری بنتی ہے۔

یہ بلوچی کے دو مشہور و معروف ضرب المثل ہیں اول سے مراد وہ خیالی دنیا جس سے اپنی آس پاس سے اور حقیقت سے دوری یا تعلق کا ٹوٹ جانا وقوع پذیر ہو جائے۔ دوئم سے مراد عورت عملی اعتبار سے بہت زیادہ بہادر واقع ہوئی ہے۔ اگر ان معاملات میں جو عمل عورت تجویز کرے اسے حقیقت سے زیادہ قریب مان لینا چاہیے۔

پہلے ضرب المثل کا قصہ کچھ یوں ہے کہ ایک نوجوان جو اکثر گھر میں پڑا رہتا تھا، کو ایک عمر رسیدہ خاتون اپنی جھونپڑی کی مرمت کے لئے بلاتی ہیں۔ مرمت بہت ہی معمولی سی ہے لیکن اس کی مزدوری پر خاتون نوجوان کا ہل لڑکے کو دو عدد انڈے تھما دیتے ہیں۔ نوجوان عمر رسیدہ خاتون سے دریافت کرتے ہیں کہ میں ان کا کیا کروں؟ عمر رسیدہ خاتون انہیں سمجھا کر کہتی ہی کہ آپ پکا کر یا کچا کھا سکتے ہیں یا مجھے دے دیں میری مرغی ان کو سینک دے گی اور ان سے چوزے نکل آئیں گے۔ نوجوان نے لمحہِ تفکر کے بعد ایک انڈا عمر رسیدہ خاتون کے ہاتھ میں دیا اور دوسرا لیکر چلتا بنا۔ رات گاؤں کے ہر شخص کی طرح نوجوان بھی اونچی گھاس پھوس کے مچان پر سوتا تھا۔ اسے یہ خیال ذہن میں تھا کہ اس کے اپنے چوزے ہوں گے وہ اپنے مچان پر سوتے سوتے یا لیٹتے لیٹتے خیالی پلاؤ پکانے لگا۔ اس نے سوچا جب چوزہ ہوگا تو وہ بڑی ہو کر مرغی پر مرغی انڈوں سے اور مرغیاں، مرغیوں سے اور انڈے جب یہ سلسلہ نکلے گا تو تھمے گا کہاں؟ پھر مرغیاں بیچ کر بکری، بکری کے میمنے اور مزید بکریاں۔ جنہیں بیچ کر گائے، پھر گائے کے بچھڑے۔ پھر نسل بڑھتی جائے گی۔ پھر گاؤں کے کماش کی بیٹی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ماھکان کے لیے اپنا قاصد بھیجوں گا۔ وہ ایک بکری مانگیں گے تو دس بکریاں دوں گا اور ایک گائے کی جگہ چار گائے۔ وہ کون ہیں کہ قاصد کو ''نا'' کہیں۔ اس طرح ماھکان ، جہاں کی خوبصورت ترین خاتون میری گھر والی ۔ پھر کیا ایک سال میں میرے گھر بچی ۔ ہم تینوں مچان پر ایک ساتھ سوئیں گے۔ اس مچان پر جگہ کم ہوگی میں ماھکان سے کہوں گا کہ ''ذرا پیچھے سرکیں، کہیں مھتاب دب نہ جائے۔ ذرا اور پیچھے، ذرا اور پیچھے۔۔۔'' نوجوان مچان سے نیچے گر پڑتے ہیں کیونکہ ماھکان کہاں؟ وہ خود پیچھے ہٹتے جاتے ہیں اور گر پڑتے ہیں۔

دوسرے ضرب المثل میں بھیڑیے کا قصہ ہے ۔ بھیڑیا کئی راتوں سے شاہی ریوڑ کے قریب آتا اور واپس خالی پیٹ لوٹ جاتا۔ بھوک بہت زیادہ تھی ۔ لیکن ڈر اُس سے کہیں زیادہ بڑھ کر تھا۔ کئی راتوں میں ایک چیز مسلسل اور متواتر بھیڑیے کی نظروں کے سامنے چل رہا تھا۔ قصہ یوں کہ بادشاہ کی اکلوتی شہزادی اپنے عاشق سے ملنے آتی اور اسی طرح سلامت سلامت لوٹ جاتی۔ ہفتوں بعد بھیڑیے نے سوچا کہ ایک خاتون اپنے پہرہ داروں سے بچتی بچاتی روز اپنے مقصد کو حاصل کر کے واپس جاتی ہیں جبکہ وہ ایک جانور ہو کر مسلسل ناکام و نامراد اور بھوک سے اس کے دن بھی کم ہی ہوتے جا رہے ہیں۔

اس نازک لڑکی کی ہمت اگر اس میں ہو تو اتنے بھیڑ بکریوں میں سے ایک آدھ اگر غائب ہوگئیں تو کسے پتہ چلے گا۔ اس طرح بھیڑیے نے دل پکڑا اور بھیڑ اٹھا کر لڑکی یا شہزادی کی پیروی کی جو کہ اصل میں ایک لڑکی ہی تھی اور کچھ نہیں اس طرح سب سے دلیر جانور بھی کہ بلوچی میں اگر کوئی کہے کہ ''ترا گُرکی دلے گون انت'' مطلب کمال کا دل رکھتا ہے۔ اس طرح سے اصل معاملات میں عورت کو کم گرداننا نادانی کے سوا کچھ نہیں۔

☆☆

گھڑی کی ٹک ٹک کو
معمولی نہ سمجھو
یہ زندگی کے درخت پر
کلہاڑی کے وار ہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

پروفیسر امان اللہ بلوچ کے ساتھ اک نشست

انٹرویو: گلاب احمد بلوچ، لکچرر، شعبہ اردو

عطا شاد ڈگری کالج کے پرنسپل پروفیسر امان اللہ بلوچ صاحب سے میں نے ان کا انٹرویو لینے کی خواہش ظاہر کی تا کہ ان کے تجربات اور علمی گفتگو سے قارئین معلومات اور مفید باتیں اخذ کر سکیں اور خاص کر طلبہ کی دلچسپی اور Motivation کا باعث بنیں۔ ان کا انٹرویو پیش خدمت ہے۔

س: سر! سب سے پہلے آپ اپنا تعارف کیجیے۔

ج: میرا نام امان اللہ بلوچ ہے۔ تخلص ساجد۔ میں چونکہ کرکٹر رہا ہوں اور کرکٹ کے حلقے میں امان ساجد کے نام سے پہچانا جاتا ہوں۔

س: آپ اپنے تعلیمی کیریئر سے متعلق کچھ روشنی ڈالیں؟

ج: میں نے مڈل کلاس تک تعلیم گورنمنٹ اسکول آبسر اور کوشکلات سے حاصل کی۔ سال ۱۹۸۲ کو میٹرک گورنمنٹ ہائی اسکول تربت سے کی۔ ۱۹۸۴ میں ایف ایس سی اور ۱۹۸۶ میں بی اے گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج سے کی۔ ۱۹۸۷ میں بلوچستان یونیورسٹی کوئٹہ میں عمرانیات میں داخلہ لیا اور ۱۹۹۰ میں ماسٹر کی۔

س: طالب علمی کے زمانے میں آپ کے لیے کیا چیلنجز تھے اور ان کا مقابلہ آپ نے کس طرح کیا؟

ج: والد صاحب بیروزگار تھے اور میرے تعلیمی اخراجات ماموں ادا کرتے تھے۔ جب یونیورسٹی میں پڑھ رہا تھا وہ مجھے مہینہ کے ۱۵۰۰ روپے دیتے تھے جس سے میں اپنے اخراجات پورا کرتا۔ جب میرے فائنل کے امتحان ہونے والے تھے تو ماموں نے پیسے دینے سے انکار کیا اس دن میں بہت مایوس ہوا مگر گھر کے کسی فرد نے حوصلہ دیا اور ماموں کو اخراجات دینے کے لیے راضی کیا۔ کئی بار ایسا ہوتا رہا کہ مجھے پیسے بروقت نہیں ملتے تھے اور میں تین تین دن تک بھوکا رہنے کے باوجود بھی حوصلہ نہیں ہارا۔

س: وہ کون سے عوامل تھے جس سے آپ کے لیے اعلیٰ تعلیم کا حصول ممکن ہو گیا یا دوسرے لفظوں میں آپ کا شوق پروان چڑھا؟

ج: میں بچپن سے بہت ذہین طالب العلم تھا۔ میں جب آٹھویں کلاس میں پڑھ رہا تھا کوشکلات میں ہمارے سائنس کے ٹیچر ہر مہینہ بچوں سے ایک روپیہ جمع کر کے ان پیسوں سے بسکٹ خریدتا اور پھر ایک مقابلہ کرواتا۔ میں ہمیشہ پہلی یا دوسری پوزیشن لیتا۔ میرے دادا اور پردادا عالم تھے۔ پردادا قاضی امام بخش نواب آف مکران کے دور میں سب سے بڑے قاضی رہے ہیں۔ علم کا شوق وراثت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

سے ملا ہے۔ میں اسکول کے دنوں سے باقاعدہ ڈان اخبار اور ایک اردو اخبار خرید کے پڑھتا۔

س: آپ کیا بننا چاہتے تھے؟

ج: میں کرکٹر بننا چاہتا تھا اور ایک اچھا کرکٹر بن بھی گیا۔ بعد میں یہ احساس ہوا کہ کرکٹ ہمارے لیے روزگار کا وسیلہ نہیں بن سکتا تو میں نے تعلیم پر مزید توجہ دی اور سائنس کے مضامین کا انتخاب کیا کہ شاید ڈاکٹر بن جاؤں۔ ایف ایس سی میں میرے نمبر کم آئے اس کی وجہ یہ تھی کہ میری رہنمائی کرنے والا کوئی نہیں تھا مجھے یہ معلوم ہی نہیں تھا کہ زیادہ نمبر لینے والے کو میڈیکل کی سیٹ ملے گی۔ پھر میں سائنس سے گرا اور آرٹس میں انکا۔

س: سر! عملی زندگی کے آغاز سے لیکر آج پرنسپل عطا شاد ڈگری کالج تربت بننے تک کے سفر کی داستان ہم سننا چاہتے ہیں۔

ج: یہ ایک لمبی داستان ہے۔ ۱۹۹۱ میں لکچرر شپ جوائن کرنے کے بعد میں ایک ذمہ دار شخص بن گیا جو گھر کا واحد کفیل تھا اس سلسلے میں اپنی بیشتر ملازمت میں نے اپنے علاقے سے باہر کی۔ آٹھ سال پنجگور، چھ سال ڈگری کالج بیلہ، تین سال انٹر کالج تمپ کا پرنسپل رہا اور پھر ڈھائی سال ڈگری کالج گوادر میں پرنسپل تعینات رہا۔ اس دوران میں نے بہت سارے دوست بنائے جو کہ مختلف قومیتوں اور علاقوں سے تعلق رکھتے تھے جن سے مجھے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا اور ساتھ ساتھ میں خود بھی پڑھتا رہا۔ مختلف موضوعات کی کتابیں، جنرل نالج، تاریخ، بائیوگرافی، افسانے اور خاص کر شاعری کی کتابیں۔

ایم فل کے لیے اپلائی کیا میرا انتخاب بھی ہوا مگر میں نے ارادہ کیا کہ پبلک سروس کمیشن کی تیاری کروں۔ گریڈ ۱۸ میں ترقی پانے کے بعد میں نے پانچ سال کے اندر پبلک سروس کمیشن سے گریڈ ۱۹ میں بطور ایسوسی ایٹس پروفیسر کامیابی حاصل کی اور مکران ڈویژن کا پہلا شخص بن گیا جس نے کمیشن سے براہ راست یہ اعزاز حاصل کی۔ سات سال بعد میں پھر کمیشن گیا اور پروفیسر (گریڈ ۲۰) کا بھی امتحان پاس کیا یہ بھی ایک اعزاز ہے کہ مکران ڈویژن کا میں اب تک واحد شخص ہوں جس کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے۔ واضح رہے کہ اس وقت مکران ڈویژن میں کوئی دوسرا پروفیسر نہیں ہے۔

س: سر! یقیناً آپ جیسے غریب/متوسط گھرانے سے تعلق رکھنے والا جو آج اس منصب تک پہنچ گیا ہو، زندگی میں بہت سرد و گرم دیکھے ہیں کیا کوئی ایسا موڑ یا واقعہ جب آپ مایوس ہوئے ہوں؟

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ج: اس سوال کا جواب میں پہلے دے چکا ہوں ۔ مشکلات بہت تھے ۔ مالی مشکلات تھے تعلیمی اخراجات بمشکل پورے ہوتے ۔ جب بلوچستان یونیورسٹی میں پڑھ رہا تھا ہر مہینہ ۸۰ روپے وظیفہ ملتا تھا ۔ میں نے زندگی میں کبھی ہار نہیں مانی ۔ میں کرکٹ میں بھی آخری گیند تک جیت کے لیے کھیلتا تھا۔ اللہ تعالیٰ کا مجھ پر کرم اور والدین اور بزرگوں کی نیک دعائیں ساتھ تھیں ۔ مشکلات کے باوجود میں محنت کرتا رہا جس کا ثمر مجھے ملا ہے ۔

مایوس میں صرف ایک مرتبہ ہوا جب فائنل امتحان ہونے والے تھے اور کوئٹہ جانے کے لیے میرے پاس کرایہ بھی نہیں تھا۔

س: کچھ نمایاں شخصیتوں کے نام جو آپ کے کلاس فیلو رہے ہیں؟

ج: کلاس فیلوز تو بہت سارے تھے جو آج بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہیں ۔ مگر میں اپنے چند محترم اساتذہ کرام کا نام ضرور لوں گا جن کی بدولت میں آج اس مقام پر پہنچا ۔ واجہ خورشید صاحب ہمیں اردو پڑھاتے تھے ، واجہ اختر صاحب ریاضی ، قاضی عبدالغفور صاحب انگریزی ، میری والدہ کے کزن ناصر علی صاحب انگریزی ۔ اللہ پاک ان سب کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائیں ۔ یہاں پر میں واجہ پروفیسر غلام رسول خالد صاحب کا خاص طور پر ذکر کروں گا جو ہمارے پرنسپل تھے اللہ پاک اُن کو صحت اور عزت عطا فرمائے ، بہت ہی اچھے پرنسپل تھے اور بعد میں ڈائرکٹر کالجز بنے ۔

س: اس وقت کالج میں طلبہ کی مجموعی تعداد کتنی ہے؟ مسائل تو بہت ہوں گے فوری حل طلب مسائل جن کی آپ نشاندہی کرسکیں؟

ج: کالج میں اس وقت تین ہزار طلبہ زیر تعلیم ہیں ۔ محدود وسائل کے ساتھ ہم بچوں کو تعلیم دے رہے ہیں ۔ چار بسیں طلبا کے Pick & drop کے لیے استعمال ہو رہے ہیں جو دور دراز علاقوں سے بچوں کو لاتے ہیں اور پھر لے جاتے ہیں ۔ تیل کے مد میں ہمیں پیسے کم ملتے ہیں ۔

ہمارے پاس ایک ٹیوب ویل ہے جو پورے کالج اور کالج کالونی کو پانی فراہم کرتا ہے جو کہ ناکافی ہے ۔ ہمیں مزید ایک ٹیوب ویل کی ضرورت ہے ۔

س: اس بڑی تعداد اور محدود وسائل کے ساتھ ادارے کو سنبھالنے اور نظم و ضبط سے لیکر تدریسی عمل تک آپ کس طرح کام کرتے ہیں؟

ج: میری اور میری ٹیم کی شروع سے یہ کوشش رہی ہے کہ ہم Curriculum اور Extra curriculum

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

دونوں پہلوؤں پر توجہ دیں۔ نظم ونسق کو کنٹرول کریں اس حوالے سے مختلف کمیٹیاں بنائی ہیں اور تمام اساتذہ کرام قابل اور ذمہ دار ہیں۔

BS کلاسز ہم نے وقت سے پہلے شروع کیے اور اس وقت پہلی سمسٹر کے امتحان بھی بخوبی ہو چکے ہیں۔

س: طلباء کی صلاحیتوں، ذہنی نشو ونما کو بڑھانے اور ان کے اندر خود اعتمادی کا مادہ پیدا کرنے اور ان کی شخصیت کو نکھارنے کے لیے آپ کس قسم کے پروگرامات اور سرگرمیوں کا انعقاد کراتے رہتے ہیں؟

ج: طلباء کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور ان کو Motivate کرنے کے لیے کیریئر کونسلنگ کے مختلف سیشن کروائے۔ سالانہ ادبی پروگرام، عطا شاد کے حوالے سے انکی یوم ولادت اور برسی کے موقع پر شاندار پروگرام، مشاعرہ، ڈیبیٹ، کوئز مقابلہ، نیب کا یوم اینٹی کرپشن میں ہمارے بچوں نے پہلی پوزیشن لی اور کوئٹہ کے پروگرام میں حصہ لیا۔ اس کے علاوہ بچوں کا سالانہ پکنک میں میوزیکل شو بھی رکھا۔ وقتاً فوقتاً مختلف کھیلوں کا انعقاد کروایا اور اس وقت ''گولڈن ویک'' بھی جاری وساری ہے۔

س: سر! ادب سے آپ کا تعلق کس نوعیت کا ہے؟

ج: اسکول کے دنوں سے مجھے مطالعہ کرنے کا شوق رہا اور میں مختلف موضوعات کی کتابیں اور رسالے پڑھتا رہا ہوں۔ شاعری کا بھی شوق بہت زیادہ ہے مگر اپنی مصروفیات کے سبب میں اس شعبے میں آگے نہیں بڑھ سکا۔

مرزا غالب، فیض احمد فیض، بشیر بدر اور عطا شاد کی شاعری سے ہمیشہ متاثر ہوتا رہا۔

س: کوئی شعر۔۔۔۔ جو آپ کا اپنا ہو اور آپ کا پسندیدہ؟

ج: کڑی دھوپ کا سفر یہ یونہی رائیگاں رہیگا
گر جنون کے سلسلے بھی جو قرار تک نہ پہنچے

س: آپ طلباء کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

ج: کالج کے تما طلباء مجھے اپنے بچوں کی طرح عزیز ہیں۔ میری ان کو یہ نصیحت ہے کہ اپنا وقت ضائع نہ کریں یہ مقابلے کا دور ہے جو بھی لاپرواہی کرے وہ مقابلے سے باہر ہوگا۔ اپنے مستقبل کے بارے میں سنجیدگی سے غور وفکر کریں اور اپنے والدین کے توقعات پر پورا اتریں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

سماجی مسائل اور مذہب: جدید تصورات

محسن امان۔ لکچرر، شعبہ سوشل ورک

انسان کے ایک دوسرے انسان سے کام آنے کا جذبہ اتنا ہی پرانا ہے جتنا کہ خود انسان کی پیدائش۔ امیر لوگ غرباء کی مدد مختلف طریقوں سے کرتے تھے۔ بعض لوگ رنگ، نسل، زبان اور مذہب کی بنیاد پر ایک دوسرے کی مدد کرتے تھے۔ یہ تمام کام کسی منظم نظام یا باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت نہیں کیا جاتا تھا بلکہ اس امداد کے پس منظر میں بہت سے محرکات کارفرما ہوتے تھے۔ حاجت مندوں کی مدد کبھی خون کے ناطے تو کہیں نسل کے ناطے تو کبھی ہم زبان کے ناطے تو کبھی خوف خدا کی وجہ سے کی جاتی تھی۔ چونکہ دنیا کے تمام مذاہب میں ضرورت مندوں کی مدد کرنے کے عمل کو اچھی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے اور اس کی تلقین بھی کی جاتی ہے لہٰذا تمام محرکات میں مذہب کو اولیت حاصل رہی ہے۔ اور ہم اس بات پہ حق بجانب ہوں گے کہ جدید سوشل ورک کی جڑیں مذہب میں پائی جاتی ہیں۔

سوشل ورک پیشہ کی حیثیت سے بیسویں صدی میں متعارف ہوا۔

یورپ میں صنعتی انقلاب اٹھارویں صدی میں شروع ہوا۔ اس کے نتیجہ میں بڑے بڑے شہر آباد ہوئے اس کے ساتھ ہی کئی مسائل بھی پیدا ہوئے۔ اس انقلاب کی زد میں مشترکہ خاندان کا نظام متاثر ہوا۔ اور اس کے ساتھ ہی اور بھی سماجی مسائل پیدا ہوئے۔ جن میں رہائش کے مسائل، ٹرانسپورٹ کے مسائل، بیروزگاری، گداگری اور بہت سے سماجی برائیاں شامل تھیں۔

ان حالات میں سماجی زندگی بہت ہی زیادہ متاثر ہوگئی ایسے میں سوشل ورک کا روایتی طریقہ ناکام ہو گیا فرد اور معاشرہ بری طرح انتشار کا شکار ہو گئے۔ ان حالات میں ضرورت محسوس کی گئی کہ کچھ ایسے ادارے قائم کئے جائیں جو اس کا نعم البدل

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ثابت ہوں تا کہ افراد اور سماجی تسکین و ذاتی آزادی حاصل کر سکیں ۔ اس کے ساتھ ہی ایسے قوانین بھی بنائے جائیں جو ان اداروں اور ان میں کام کرنے والوں کو تحفظ بھی فراہم کریں اس کے لیے برطانیہ میں ایک قانون نافذ کیا گیا جس کی رو سے لوگ بھیک نہیں مانگ سکتے تھے یہ قانون 1601ء میں نافذ ہوا۔ غریبوں اور معذوروں کو مخصوص گھروں میں رکھا جاتا تھا اور ان کی استطاعت کے مطابق ان سے کام بھی لیا جاتا تھا۔ تمام تر کوششوں کے با وجود سماجی خدمات کے کسی منظم نظام کی ضرورت محسوس ہوتی رہی۔ پھر وہ لوگ جو انسان کی انفرادی اور اجتماعی ترقی کے خواہاں تھے انہوں نے سماجی خدمات کا ایک طریقہ کار وضع کیا جسے ہم آج سوشل ورک کے نام سے جانتے ہیں ۔'' سوشل ورک'' خود افراد کی مدد اور ان کے مسائل حل نہیں کرتا ہے بلکہ ان کی رہنمائی میں ایسا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے جو افراد کی روزمرہ زندگی کو بہتر بنانے کے لیے ضروری ہوتا ہے اس کے علاوہ وہ افراد میں اپنی مدد آپ Self help کے تحت مسائل حل کرنے کا جذبہ بھی پیدا کرتا ہے۔

سوشل ورک کی چند اہم خصوصیات:

☆ سوشل ورک کے بنیادی اصول سے لوگوں کو روشناس کرانا۔ اصول یہ ہیں ۔(۱) فرد کی عظمت (۲) مساوی مواقع کا اصول (۳) حق خود ارادیت کا اصول (۴) رازداریت کا اصول

☆ انسانی فلاح کو فروغ دینا اور بلا رنگ و نسل مذہبی و سیاسی عقائد اور کردار انسانی وقار کا تحفظ کرنا

☆ لوگوں میں اپنے مسائل اور وسائل کے بارے میں یہ اعتماد پیدا کیا جاتا ہے کہ وہ ان مسائل کو اپنی مدد آپ کے تحت خود حل کر سکتے ہیں یہ اعتماد پیدا کرنا بھی سوشل ورک کی ایک اہم خصوصیت ہے۔

☆ فرد، گروہ اور جماعت کے اختلاف کو ختم کرنا اور اتحاد پیدا کرنا بھی سوشل ورک کی خصوصیت ہے۔

☆ لوگوں کو ایسے مواقع فراہم کرنا جس کی بنیاد پر وہ اپنے ذاتی صلاحیتوں کو لوگوں کے سامنے پیش کر سکیں۔

☆ لوگوں کو ان کے مسائل کے حل میں شریک کرنا بھی جدید سوشل ورک کی خصوصیت میں شامل ہے کیونکہ افراد کی شرکت کے بغیر ان کے مسائل کا حل ناممکن ہے۔

☆ سوشل ورک کے پیشہ میں بھی چند خصوصیات ہیں وہ یہ ہیں۔

(۱) ذخیرہ علم (۲) فنی صلاحیتیں (۳) ضابطہ اخلاق (۴) خدمات کا معاوضہ

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

صدقہ جاریہ

امیر حبیب ۔ لکچرر، شعبہ بلوچی

حدیث پاک ہے کہ جب آدمی مرجاتا ہے تو اس کے اعمال کا ثواب ختم ہو جاتا ہے مگر تین چیزیں ایسی ہیں جن کا ثواب مرنے کے بعد بھی ملتا رہتا ہے۔ ایک صدقہ جاریہ ۔ دوسرے وہ علم جس سے لوگوں کو نفع پہنچتا رہے۔ تیسرے صالح اولاد، جو اس کے لیے مرنے کے بعد دعا کرتی رہے۔

حضور ﷺ نے تین چیزیں ذکر فرمائی ہیں۔ صدقہ جاریہ کے حوالے یعنی ایسی چیز صدقہ کیا جائے جو اس کے فائدے ہر وقت پہنچاتے رہے۔ مثلاً کوئی مسجد اگر بنائی گئی ہے۔ تو اس سے لوگ نماز پڑھیں گے اور جب تک اس میں نماز ہوتی رہے گی اس شخص کو جس نے مسجد بنایا ہے ثواب ملتا رہے گا۔ اسی طرح مسافر خانہ بنوا کر وقف کر دیا جائے اور مسلمان مہمان یا دینی کام کے لیے مکان بنوا کر دیا اسی سے لوگوں کو فائدہ پہنچا تا رہے تو بنانے والے شخص کو ثواب ملتا رہے گا۔ اسی طرح کنواں بنانے اور پھر اس کو وقف کر دیا جائے تا کہ مسلمان اسی سے مستفید ہو جائیں تو اس شخص کو مرنے کے بعد بھی ثواب ملتا رہے گا۔

ایک اور حدیث پاک میں ارشادِ حضور پاک ﷺ ہے کہ آدمی کو مرنے کے بعد تین چیزوں کا ثواب ملتا رہے گا۔ ایک وہ علم جو کسی کو سکھایا ہو اور اشاعت کی ہو اور وہ صالح اولاد ہے اور قرآن پاک جو میراث میں چھوڑ گیا ہو۔

ایک اور حدیث میں ہے کہ انسان کے مرنے کے بعد سات چیزوں کا ثواب اس کو ملتا رہتا ہے۔

۱۔ کسی کو علم پڑھایا ہو۔

۲۔ نہر جاری کر دی ہو۔

۳۔ کوئی کنواں بنا دیا ہو۔

۴۔ کوئی کوئی درخت لگا دیا ہو۔

۵۔ کوئی مسجد بنا دی ہو۔

۶۔ قرآن پاک میراث میں چھوڑا ہو۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

۷۔ایسی اولاد چھوڑی ہو کہ جو اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہے۔

اور بھی بہت صدقہ جاریہ کے طریقے ہیں جس سے ثواب ملتا رہے گا۔جیسا کہ اگر کسی مدرسہ میں قرآن پاک یا اسلامی کتب وقف کر دیا جائے تو جب تک وہ اس کتاب یا قرآن پاک سے نفع اٹھاتے رہیں گے اس کو ثواب ملتا رہے گا۔وہ اولاد صالح ہے جو مرنے کے بعد دعائے خیر بھی کرتے رہے۔جب تک اولاد نیک کام کرتی رہے تو اس کو ثواب ملتا رہے گا۔خوش نصیب ہیں وہ لوگ جن کی کسی قسم کی جانی یا مالی کوشش علم پھیلانے میں دین کے بقا اور حفظ میں لگ جائے کہ دنیا کی زندگی خواب سے زیادہ نہیں۔ نہ معلوم کہ کب اس دنیا سے فنا ہونا ہے۔جتنا ذخیرہ اپنے لیے چھوڑے گا وہی کارآمد ثابت ہوگا۔عزیز و اقارب۔ دوست و احباب، رشتہ دار، کچھ دن روک کر بعد میں اپنے کام میں لگ کر بھول جائیں گے۔کام کرنے والی چیزیں یہی ہیں کہ آدمی اپنی زندگی میں نیک، فلاحی اور کارِخیر، صدقہ جاریہ والے جیسے کام کریں تا کہ ثواب ملتا رہے۔

حدیث پاک ہے کہ ہر شخص کے عمل کا ثواب مرنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے مگر جو شخص اللہ کے راستے میں سرحدوں کی حفاظت کرنے والا ہے تو اس کا ثواب قیامت تک بڑھتا رہتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ تمام مسلمان کارِخیر اور صدقہ جاریہ جیسے کاموں میں اپنی مال و جان لگا دیں تا کہ دونوں جہانوں میں کامیابی و کامرانی ان کے قدموں کو چھوئے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں نیک عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆

اچھے دماغ کے لوگ خیالات پر تنقید کرتے ہیں ، درمیانے دماغ کے لوگ مختلف تقاریب پر تنقید کرتے ہیں جبکہ کمزور دماغوں والے لوگوں پر تنقید کرتے ہیں ۔

سقراط

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کامیابی کیا ہے

شاہ زیب امان۔ ایف ایس سی، سال دوم

کامیابی ایک ایسی خواہش ہے جس کی طلب ہر شخص رکھتا ہے۔ دنیا میں تقریباً ہر فرد کامیابی کی خواہش رکھتا ہے اور کامیاب زندگی گزارنا چاہتا ہے۔

کامیابی کے ساتھ جو بنیادی فلسفہ اور نظریہ ہے اپنے آپ پر اعتماد اور اس کام کو کرنے کا جذبہ ہونا ضروری ہے۔ ہر انسان میں کچھ خصوصیات اور خوبیاں پائی جاتی ہیں۔

ضرورت صرف اس بات کی ہوتی ہے کہ آپ نے اپنے اندر کی صلاحیتوں کو پہچاننا ہے آپ نے وہ خاصیت ڈھونڈنی ہے جس پر محنت کر کے آپ کامیاب انسان بن سکتے ہیں۔



اپنے آپ کو پہچاننا بہت ضروری ہے۔ کسی شعبے میں آپ کو مہارت حاصل ہے اللہ پاک نے کون سی خوبیاں آپ کو دی ہیں ان کو کھوجنا اور نکھارنا ہے۔ عملی طور پر کچھ کر دکھانا ضروری ہے۔

آپ عظیم شخصیات کی مثالیں دیکھ سکتے ہیں کہ ان لوگوں نے بہترین تعلیم حاصل کر کے معاشرے میں اپنا اہم کردار ادا کیا اور اپنے اپنے شعبے میں کامیاب اور نامور ہوئے۔

ایک لاابالی نوجوان سر میں کچھ افکارِ پریشان اور دل میں کچھ ایسے الجھتے خواب لئے کسی ادارے کی طرف رجوع کرتا ہے یہیں سے ہماری مستقبل کی فکری راہیں متعین ہو کر کامیابی کی منزل تک پہنچتی ہیں۔ دنیا کا کوئی بھی کام ناممکن نہیں ہوتا ضرورت صرف سچے جذبے، لگن، محنت، کوشش اور اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل یقین کا ہونا لازمی ہوتا ہے۔

کسی کے نزدیک عزت نفس کامیابی ہے تو کوئی مالی اضافہ اور اچھی خورد و نوش کو کامیابی کا زیور سمجھتا ہے کوئی اعلیٰ تعلیم کو۔ کسی کے نزدیک عارضی جیت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کامیابی ہوتی ہے۔ الغرض اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ ہر شخص کے کامیابی کا الگ زاویہ ہوتا ہے اور ہر بندہ اپنی خواہش کی تکمیل ہونے کو کامیابی سمجھتا ہے۔

دنیا میں ایسے بہت سے لوگ ہیں جن کے پاس کچھ کرنے کا جذبہ یا جنون نہیں ہوتا ہے۔ وہ کامیابی کے مستحق نہیں ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح جو انسان کامیاب ہونا چاہتا ہے وہ سر سے پیر تک جستجو بن جاتا ہے وہ جو جستجو ہے کچھ کر گزرنے کی، یہی اسے کامیاب انسان بنا دیتا ہے۔

اپنی ذاتی خواہشات کی قربانی اور طلب پھر خاص یقین کامل اللہ کی ذات پر آپ کو کامیابی سے نوازتا ہے۔ اسی طرح سے یہ بات ثابت ہو جاتا ہے جب تک ہم خود کو کامیابی کے لائق نہیں بناتے تب تک کامیابی ہمیں خود کے لائق نہیں سمجھتا ہے۔

علامہ اقبال کہتا ہے:

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

عزم مصمم، پکا ارادہ، خود پہ یقین، کچھ کر گزرنے کا جذبہ اور جنون انسان کو کامیابی کی شاہراہ پر گامزن کرتی ہیں۔

☆☆

چند قرآنی معلومات

محمد جان۔ ایف ایس سی سال اول

☆ قرآن مجید میں آیات کی کل تعداد ۶۶۶۶ ہے۔

☆ قرآن مجید حضور ﷺ پر ۲۲ سال ۵ ماہ اور ۱۴ دن تک نازل ہوا۔

☆ قرآن مجید کی سب سے پہلی سورت سورۃ الفاتحہ اور سب سے آخری سورت سورۃ الناس ہے۔

☆ سب سے پہلے جن آیات کا نزول ہوا وہ سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیتیں تھیں۔

☆ قرآن مجید کی سب سے بڑی سورت سورۃ البقر اور سب سے چھوٹی سورت سورۃ الکوثر ہے۔

☆ قرآن مجید کی مکی سورتوں کی تعداد ۸۶ اور مدنی سورتوں کی تعداد ۲۸ ہے۔

☆ قرآن مجید میں لفظ ''اللہ'' ۲۵۸۴ بار آیا ہے۔

☆ قرآن مجید میں نماز کی تاکید سات سو بار کی گئی ہے۔

☆ قرآن مجید میں چھ سورتیں انبیائے کرام کے نام پر ہیں۔
(۱) سورۃ یونس (۲) سورۃ ہود (۳) سورۃ یوسف (۴) سورۃ ابراہیم (۵) سورۃ نوح (۶) سورۃ محمد

☆ قرآن مجید کے پہلے مفسر کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔

☆ قرآن مجید کو تیس حصوں میں حضرت عثمان رضؓ نے تقسیم کیا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کاش

صابر کریم۔ ایف ایس سی، سال دوم

ہم نے اکثر لوگوں کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ کاش میں محنت کرتا تو آج میں اس حال میں نہ ہوتا، کاش میں امیر گھرانے میں پیدا ہوتا۔ کاش سے بہت سے لوگوں کی زندگی گزر رہی ہے اور بہت سے نوجوانوں سے اس کا واسطہ ہے شاید آنے والے کل میں اس کاش کو اپنے زندگی میں بار بار استعمال کرے ۔ کاش کو اپنے ہی زندگی میں استعمال ہونے نہ دیں اور اس کو بدل دیں ایک کامیاب جملے میں تا کہ آنے والے کل میں اس کاش لفظ کا استعمال کرنا نہ پڑے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہر کوئی کامیاب ہوسکتا ہے اور کوئی بھی کامیابی ہو محنت اور لگن سے حاصل کر سکتا ہے۔ زندگی ہر کسی کو موقع دیتی ہے۔ بس انسان کو اس موقع سے فائدہ اٹھانا ہے تا کہ آسان سفر بن جائے۔ ایسا بھی نہیں کہ زندگی امتحان نہیں لیتی زندگی تو نام ہے امتحان کا۔ میں آپ کو کچھ ایسی باتیں بتاتا ہوں جن پر چل کر آپ ان جیسے جملوں کے استعمال سے بچ سکتے ہیں ۔ پہلی بات یہ ہے کہ زندگی میں سیکھنے کی کوئی عمر نہیں ہوتی اگر چہ آپ پچاس سال کے ہیں یا پانچ سال کے ۔ زندگی میں خواب دیکھنا کبھی بھی نہ چھوڑو کیونکہ ہم زندہ اس لیے ہیں کہ اپنے خوابوں کو پورا کرسکیں ۔ سیکھنے کا ایک طریقہ کتابوں کا مطالعہ ہے۔ یہ ایک اچھی عادت ہے ۔ دنیا کے امیر ترین شخص بل گیٹس ایک ہفتے میں تین کتابیں پڑھتے ہیں اور ان کتابوں کی تشریح اپنی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرتے ہیں۔

اگر آپ کاش کے استعمال سے بچنا چاہتے ہیں تو آج ہی سے مطالعہ اور سیکھنا شروع کر دیں تا کہ آپ اپنی منزل تک پہنچ سکیں ۔ اقبال نے کہا ہے:

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

اقبال اپنے اس شعر میں واضح پیغام دے رہے ہیں کہ محنت کرنے والے انسان تقدیر کے پیچھے نہیں بلکہ تقدیر اس کے سامنے دست بستہ حاضر ہوتا ہے۔ ☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

عورت

عظیم اے بی۔ایف اے، سال دوم

ہر شے پر اسرار ہے لہٰذا سمجھنے کی کوشش کرنے سے اسرار کھلتے ہیں۔ اسی طرح عورت بھی ایک خفیہ شے ہے جو ہر کوئی آسانی سے اس کو سمجھ نہیں پاتا۔ بظاہر یہ ایک عام سی جنس ہے لیکن اگر کوئی اس کی عمیق ترین اسرار کو نہیں دیکھ سکتا۔ کیونکہ ہم اس کی عمیق کی طرف کوئی توجہ ہی نہیں دیتے اور یہ اہلیت رکھتی ہے۔ ہم نے اس کو محروم رکھا ہے۔ اگر ہم اس کی ذمہ داری اور قابلیت کو دیکھیں تو وہ بہت کچھ کر سکتی ہے اس کی ذمہ داریاں زیادہ ہیں اور ہمارا خیال ہے کہ وہ گھر پر اپنی زندگی گزار سکتی ہے بس۔ البتہ یہ درست نہیں۔ زندگی کے ہر شعبے میں عورت کو تمام حقوق ملنے چاہئیں کیونکہ عورت بہت ذمہ داریوں کا مالک ہے۔ وہ زندگی کے مسائل حل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ عورت اپنی زندگی میں تین مشکلات کا سامنا کرتی ہے۔ شروع کی زندگی جو اپنے والدین کے ساتھ گزارتی ہے۔ تعلیم و تربیت، زندگی کو اچھی طرح گزارنا۔

شادی کے بعد اس کو بہت سی ذمہ داریاں اٹھانی پڑتی ہیں۔ یہاں سے وہ ایک اور زندگی کی شروعات کرتی ہے۔ ان کی کون سی ذمہ داریاں ہیں جو ان کے شوہر کو خوش رکھیں اور عورت کو کیسے اپنے شوہر کو سمجھنا ہے۔ اور مرد کو بھی ایک ذمہ دار شوہر بننا چاہیے۔ دونوں کو مل کر ایک دوسرے کو سمجھنا ہے اور خوشی سے رہنا ہے۔ تیسری ذمہ داری بہت اہمیت رکھتی ہے یہ بہت بڑا امتحان ہے ایک ماں کی حیثیت کو سمجھنا اور اولاد کی تربیت۔ بقول سعادت حسن منٹو اس دنیا میں ہر کوئی عورت کو سمجھ نہیں پاتا اور ان کو اہمیت بھی نہیں دیتا ان کو ہر شعبے میں محروم رکھی ہوئی ہے۔

☆☆

تخلیق جستجو سے جنم لیتی ہے۔
بچوں کو جواب کی بجائے سوال
سکھائیے۔

پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ایک ٹوٹے دل کی آہیں

نعیم عبدالرحمٰن۔ایف ایس سی، سال دوم

☆ جو ہوتا ہے اچھے کے لیے ہوتا ہے مگر وہ اچھا اپنے ساتھ تو کبھی اچھا نہیں ہوتا۔

☆ بات صرف عزت اور احترام کی ہوتی ہے ورنہ جو انسان سن سکتا ہے وہ سنا بھی سکتا ہے۔

☆ کیا کریں صاحب! احساس کے چادر میں اتنے پیوند لگ چکے ہیں کہ اب کچھ محسوس ہی نہیں ہوتا۔

☆ حادثے اور بھی گزرے ہیں گراں مجھ پر، مگر مرحلہ تجھ سے بچھڑنے کا مجھے مار گیا۔

☆ تیری خوشبو کہیں نہیں ملتی، پھول سارے خرید کے دیکھے میں نے۔

☆ لاکھ مٹھاس تیرے لہجے میں صحیح، پھر تیرا اوروں کے ساتھ بات کرنا زہر لگتا ہے۔

☆ بعض دفعہ ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ سامنے والا ہمیں دھوکہ دے رہا ہے پھر بھی ہم خاموش رہتے ہیں کیونکہ ہم اس کے دھوکے کے ساتھ تو رہ سکتے ہیں لیکن اس کے بنا نہیں۔

☆ سوکھے پتوں کی طرح بکھرے ہم، تو کسی نے سمیٹا بھی صرف جلانے کے لیے۔

☆ مدت کے بعد اس نے جو آواز دی مجھے۔قدموں کی کیا بساط تھی سانسیں بھی رک گئیں۔

☆ ساری دنیا کہتی ہے کہ کسی ایک کے جانے سے زندگی نہیں رک جاتی لیکن یہ کوئی نہیں جانتا کہ لاکھوں کے مل جانے سے بھی اس ایک کی کمی پوری نہیں ہو پاتی۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

اذان کی ابتدا

وسیم حفیظ۔ بی اے، فائنل ایئر

شروع میں کسی خاص علامت کے نہ ہونے کی وجہ سے نماز با جماعت کے لیے مسلمانوں کو بلانے میں دشواری تھی۔ لوگ وقت کا اندازہ کر کے آتے تھے اور نماز پڑھتے تھے۔ آنحضرت ﷺ کو یہ پسند نہ تھا۔

آپ ﷺ نے خیال کیا تھا کہ کچھ لوگ مقرر کر دیے جائیں جو وقت پر لوگوں کو گھروں سے بلا لائیں لیکن اس میں زحمت تھی صحابہ کو بلا کر مشورہ کیا۔ لوگوں نے مختلف رائیں دیں۔ کسی نے کہا کہ نماز کے وقت مسجد میں ایک علم کھڑا کر دیا جائے جسے دیکھ کر لوگ آتے جائیں گے آپ ﷺ نے یہ طریقہ ناپسند فرمایا۔

عیسائیوں اور یہودیوں کے یہاں اعلان عبادت کے جو طریقے ہیں وہ بھی آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کیے گئے۔ یہودی ایک بگل بجا کر لوگوں کو اپنی عبادت گاہ کی طرف بلاتے تھے۔ آپ ﷺ کے سامنے عرض کیا گیا کہ ناقوس بجا کر مسلمانوں کو نماز کی اطلاع دی جائے۔ لیکن آپ ﷺ نے اس کو بھی پسند نہیں فرمایا آپ ﷺ اسی حال میں فکر مند تھے کہ عبداللہ بن زید بن ثعلبہ بن عبدربہ خزرجی انصاریؓ نے اذان کا خواب دیکھا۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ رات کو میرے پاس خواب میں کوئی آیا جو سبز لباس پہنے ہاتھ میں ناقوس لئے ہوا تھا۔ میں نے کہا یا عبداللہ کیا یہ ناقوس فروخت کرو گے۔ میں نے بتایا کہ ہم اس کے ذریعے مسلمانوں کو نماز کی طرف بلائیں گے۔ اس نے کہا کیا میں تمہیں اس سے بہتر نہ بتاؤں؟ پوچھا وہ کیا ہے؟

اس نے کہا کہ تم نماز کے لیے اس طرح اذان کہو۔ اللہ اکبر (چار بار) اشھد ان لاالہ الااللہ (دو بار) اشھد ان محمد رسول اللہ (دو بار) حی علی الصلوٰۃ (دو بار) حی علی الفلاح (دو بار) اللہ اکبر (دو بار) لاالہ الااللہ (ایک بار)۔

جب عبداللہ بن زیدؓ نے خواب رسول اللہ ﷺ کے گوش گزار کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''انشاء اللہ یہ خواب سچا ہے، پس بلالؓ سے کہو کہ وہ ان کلمات سے اذان کہیں۔ اس لیے کہ وہ بلند آواز ہیں''۔ حضرت عمرؓ نے حضرت بلالؓ کی اذان اپنے گھر میں سنی تو جلدی سے رسول پاک ﷺ کی خدمت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ ! اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ کو مبعوث کیا ہے، میں نے بھی ایسا خواب دیکھا ہے۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ ہی کا شکر ہے''۔ اس دن سے اذان کا طریقہ شروع ہوا۔

حضور ﷺ نے حکم دیا کہ'' جب اذان سنے تو موذن کے مثل اسے دہراتے رہو۔ اور جب موذن حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کہے تو اس کے جواب میں لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھا کرو اور اذان کے بعد خاص دعا پڑھا کرو۔ مسجد نبوی کے دو موذن تھے۔ ایک حضرت بلالؓ اور دوسرے حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ تھے۔ نماز فجر کی اذان حضرت بلالؓ تہجد کے وقت دیا کرتے تھے۔ صبح صادق ہوتے ہی حضرت عبداللہؓ اذان دیا کرتے۔ بعد میں بھی مدینہ میں فجر کی دو اذانوں کا معمول رہا۔ نماز جمعہ کی فرضیت کے بعد اس کی اذان اس وقت شروع ہوا جب حضور ﷺ خطبہ دینے کے لیے آ کر مسجد میں بیٹھ جاتے۔ حضرت عثمانؓ نے اپنے دور خلافت میں جمعہ کے دن پہلی اذان دینے کا حکم دیا تا کہ لوگ مسجد آنے میں جلدی کریں۔

☆☆

چند نصیحتیں

سرفراز۔ ایف ایس سی، سال دوم

☆ جو بات کسی سے کہو اس پر خود بھی عمل کرو۔

☆ ہر شخص کے حق کو پہچانو۔

☆ اپنی اولاد کو علم و ادب سکھاؤ۔

☆ مہمان کی اپنی حیثیت کے مطابق ضرور خدمت کرو۔

☆ سخاوت کی عادت ڈالو۔

☆ استاد کو بہترین باپ سمجھو۔

☆ کم کھانے، کم بولنے اور کم سونے کی عادت ڈالو۔

☆ اپنی زبان کو ہمیشہ قابو میں رکھو۔

☆ کسی کو لوگوں کے سامنے شرمندہ مت کرو۔

☆ ماں باپ کے وجود کو غنیمت جانو۔

☆ کسی حاجت مند کو ناامید مت کرو۔

☆ اپنے سے بڑوں کے ساتھ مذاق اور خوش طبعی نہ کرو۔

☆ آج کا کام کل پر مت چھوڑو۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

بلا عنوان

بشام خان۔ ایف اے، سال اول

زندگی میں بہت کچھ ہوتا ہے ، بہت۔ جس طرح حقیقت کو چھپایا نہیں جا سکتا۔ آپ چھپانے کی جتنی کوشش کرتے رہیں لیکن ایک دن زمین پھاڑ کر نکل آئے گا۔ زندگی بغیر غم اور مشکلات کے گزر نہیں جاتا۔ خواہش بھی نہ رکھو ایسی۔ ہاں البتہ اگر چاہو تو ممکن ہو سکتا ہے کیونکہ لوگ کہتے ہیں دنیا میں کچھ بھی ناممکن نہیں۔ دوسری طرف کہتے ہیں راحت تو جنت میں ملتی ہے فانی دنیا میں کیسے پاؤ گے۔ تیسری اپنوں کو بھولا نہیں جاتا اس بات کو واضح کرنے کے لیے اس چھوٹی سی مثال کو سمجھ لو کہ بغیر دل کے جسم کچھ بھی نہیں تو رشتے جن سے زندگی وجود رکھتی ہے تو کیسے بھولے جاتے ہیں، ممکن ہی نہیں۔ کچھ بتائیں اور یادیں ہم کسی کو بتائے نہیں جاتے۔ زندگی انہی چند باتوں کا مجموعہ ہے لیکن ایک ایسا بھی واقعہ اس دنیا میں موجود ہے جو آج تک آپ کو کسی نے نہیں بتایا۔ چلو میں بتا دیتا ہوں۔

دیر کی بات نہیں ہے کہ ایک دن کچھ لوگ یعنی ایک خاندان اپنے گاؤں کسی وجہ سے چھوڑ کر میرے شہر میں آ کر میرے ہمسائے بن گئے۔ وقت گزرتا گیا، رابطہ ہوتی رہی، تعلقات بن گئے۔ یہ لوگ سرکاری ملازم نہ ہونے کے باوجود بھی محنت سے کافی امیر تھے۔ میرا خاندان غربت کا شکار اس وقت ہوئی جب اک دن میرا باپ جوانی کے دنوں میں کسی واقعہ کا شکار ہو کر ہمیشہ کے لیے معذور ہوا اور صرف سانسیں باقی رہیں۔ میرا باپ ہی ہم سب کو پالنے والا تھا اور اس کے بعد میری خاندان پھر محلے کے امیروں کی برتنیں صاف کر کے زندگی بسر کرنے لگے۔ وقت نے تیزی سے اپنی تیز رفتاری سے منزلیں طے کر کے مجھ کو جوانی کے مرحلے میں داخل کیا۔ جب میں جوان ہوا تو ادھر ادھر روزگار ڈھونڈنے لگا لیکن کہیں بھی ایسا روزگار نہ مل سکا جو میں چاہ رہا تھا۔ یوں وقت گزر گیا۔ ایک دن میں بازار میں گھوم رہا تھا تو کوئی میرے سامنے سے گزر کر کچھ گولیاں کسی خوبصورت اور نوجوان لڑکے کے سینے میں اتار دیں تو وہ کھڑے کھڑے سخت زمین پر گر پڑا۔ میں جلدی اس کو سہارا دینے کے لیے جلدی قدم بڑھا کر آگے گیا تو اس کے منہ سے جو آخری الفاظ نکل رہے تھے ، وہ یہ تھے" امن کے دیوار میں دراڑ آ گیا اور پھولوں پہ کانٹوں نے راج شروع کیا، یہ یاد رکھو"۔ انہی الفاظ کے ساتھ وہ دارِ فانی سے رخصت ہو گئے۔ یہ لڑکا میرا ہمسایہ تھا وقاص رؤف۔ میں بہت حیران ہوا کہ اس معصوم گونگے کو مارنے کی ضرورت آخر کیوں پڑی؟ اس سوال کا جواب مجھے دو سال بعد ملا۔۔۔۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ایک مسافر

مسز ارشاد۔ ایف اے، سال دوم

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک مسافر سفر کے لیے روانہ ہوگئے سردی کا موسم تھا ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں چل رہی تھی موسم بہت ہی خوشگوار اور پر تکلف تھا۔

مسافر موسم کا مزہ اٹھاتا ہوا جانے لگا جاتے جاتے وہ ایک جنگل میں پہنچ گیا جنگل بہت ہی خوفناک تھا ہر طرف سے طرح طرح کی آوازیں آ رہی تھیں خوف کے مارے مسافر کا برا حال تھا وہ آگے جانے لگا۔

جاتے جاتے اس کی نظر ایک پرانی گھر پر پڑی گھر کے اندر سے یہ آواز آئی ڈرو مت آگے آؤ۔ مسافر دل ہی دل میں سوچنے لگا یہ تو پرانا گھر ہے ایسا لگتا ہے یہ گھر کئی سالوں سے بند ہے مگر یہ آواز دینے والا کون ہو سکتا ہے۔

مسافر اس گھر کی طرف جانے لگا جب وہ گھر کے قریب پہنچا تو مسافر کی نظر ایک خوبصورت لڑکی پر پڑی مسافر لڑکی کے پاس گیا اس کو سلام کیا اس نے سلام کا جواب دیا اور مسافر سے پوچھنے لگا آپ یہاں کس ارادے سے آئے ہیں آپ کہاں جا رہے ہیں۔؟

مسافر: میں ایک غریب آدمی ہوں کام کی تلاش میں شہر جا رہا ہوں۔

لڑکی: کیا آپ کے گاؤں میں کوئی کام نہیں آپ شہر جا رہے ہیں۔؟

مسافر: کام تو ہے مگر رقم بہت کم ملتا ہے گھر کا گذارا نہیں ہوتا۔

لڑکی: آپ کے گھر میں کتنے لوگ ہیں۔؟

مسافر: دو بیٹیاں ہیں اور تین بیٹے، ہم اور ہماری بیوی۔

لڑکی: یہاں سے شہر کتنی دور ہے آپ جانتے ہیں۔؟

مسافر: بالکل نہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

لڑکی: آپ نے اپنے لیے کوئی کام ڈھونڈا ہے شہر میں۔؟

مسافر: شہر میں پہنچ کر تلاش کروں گا۔

لڑکی: میرے پاس ایک ایسی چیز ہے اگر میں آپ کو دے دوں تو آپ امیر بن جائیں گے۔؟

مسافر: وہ چیز کیا ہے ذرا مجھے بتائیں۔؟

لڑکی: وہ ایک ٹوکری ہے جو سونے سے بھرا ہوا ہے۔

مسافر: کس کی ہے یہ؟

لڑکی: چوری کا مال ہے میں دراصل ایک چور ہوں۔

مسافر: یہ میرے لیے نہیں میں ایک غریب آدمی ہوں۔

لڑکی: اس لیے آپ کو دے رہا ہوں کہ آپ غریب ہیں۔

مسافر: آج یہ حرام کا مال میں گھر لے جاؤں اپنے بچوں کو کھلاؤں، کل میرے بچے بھی تیری طرح چور بنیں؟

لڑکی: یہ آپ کی سوچ ہے میں ان باتوں کو نہیں مانتی۔

مسافر: میں جا رہا ہوں۔ خدا حافظ

لڑکی: آپ یہ مال نہیں لے جائیں گے۔؟

مسافر: میں محنت مزدوری کر کے اپنے بچوں کو کھلاؤں گا لیکن حرام کا مال کبھی بھی نہیں کھاؤں گا۔

مسافر شہر کی طرف روانہ ہوئے۔ لڑکی نے اپنے گھر کا دروازہ بھی بند کیا۔ اللہ تعالیٰ اس مسافر کے اس رویے سے بہت خوش ہوا کیونکہ مسافر نے حرام کا مال کھانے سے انکار کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے مسافر کو اس طرح مال و دولت عطا فرمایا کہ یہی غریب مسافر ایک امیر شخص بن گیا۔

آج کی دنیا پر نظر ڈال کر دیکھیں لوگوں نے حرام کو اپنا پیشہ بنا رکھا ہے ہر کوئی صرف اسی کوشش میں ہے کہاں سے کسی کا حق ماروں۔

میرے دوستو! حرام کھانے والے کے بارے میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے "حرام کھانے والے کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں"۔ آج ہم اپنے آپ کو دیکھیں دعا تو ہم کرتے ہیں مگر ہمارے اندر عاجزی موجود نہیں ہے۔

☆☆

جو غصے کو پی جاتے ہیں اور دوسروں کے قصور معاف کر دیتے ہیں، ایسے نیک لوگ اللہ کو بہت پسند ہیں۔

سورۃ آل عمران، آیت نمبر ۱۳۴

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

محنت اور دعا

وسیم یاسین۔ایف ایس سی، سال دوم

شہباز اور ساجد اچھے دوست تھے۔ دونوں یک ساتھ اسکول میں پڑھتے اور ایک ساتھ کھیلتے تھے۔ دونوں ذہین بھی تھے۔ اسکول میں بہت اچھی پوزیشن لیتے تھے ان دونوں کا ایک ہی مشغلہ تھا اور وہ تھا کراٹے کھیلنا۔ شہباز کراٹے میں بہت ماہر تھا اور گولڈ میڈل بھی حاصل کر چکا تھا جبکہ ان دونوں میں ایک فرق تھا۔ شہناز میں غرور و تکبر تھا اور ساجد میں غرور نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔ سب کا خیال رکھنا، کسی کو تکلیف نہ دینا اس کی طبیعت میں شامل تھا۔ وہ دونوں اپنے اسکول میں کراٹے سیکھتے تھے۔ اسکول میں کراٹے کے مقابلے کا انعقاد ہو رہا تھا۔ کراٹے کے مقابلے کے لیے کھلاڑی اپنی مشقین کر رہے تھے۔ دو دن بعد مقابلہ ہونے والا تھا۔

''اس دفعہ مقابلہ، میں ہی جیتوں گا، مجھ سے لڑنے کی کوئی طاقت نہیں رکھتا''۔ شہباز نے ساجد سے کہا۔

''ایسے نہیں کہتے شہباز! غرور کرنا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں ہے۔ غرور کا سر ہمیشہ نیچا ہوتا ہے''۔ ساجد نے شہباز کو سمجھاتے ہوئے کہا۔

لیکن شہباز پر ساجد کی بات کا کوئی خاص اثر نہ ہوا اور وہ دوبارہ ''ہو، ہا، ہیا'' کرتا ہوا اپنی مشق میں مصروف ہو گیا۔

صبح اٹھ کر ساجد نے فجر کی نماز پڑھی اور اللہ تعالیٰ سے مقابلہ جیتنے کی دعا کی، پھر ناشتہ کیا اور رخصت ہوتے وقت دعائیں لینے امی کے پاس چلا گیا۔

بیٹا صبح، شام کی دعائیں پڑھ لینا اور یہ رکھ لو اگر مقابلے میں تھکنے لگو تو اسے کھا لینا۔ امی نے اسے ڈھیر ساری دعائیں اور رخصت کر دیا۔ مقابلے کا پہلا حصہ شروع ہو چکا تھا۔ تین کھلاڑیوں کی ہار جیت کے بعد اب شہباز کی باری آ چکا تھا۔ ہر طرف اس کے نعرے لگنے لگے۔ کھلاڑی رِنگ میں آ کر جیسے ہی ہا، ہو کر کے اس کے قریب آتے وہ انہیں گرد یتا۔ آخر کار پہلے حصے کا مقابلہ شہباز جیت گیا۔ اب

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

اس کا مقابلہ دوسرے حصے کے جیتے ہوئے کھلاڑی سے ہونا تھا۔

دوسرے حصہ کا مقابلہ بھی زوروں پر تھا۔ اس میں ساجد سب سے بازی لے رہا تھا اور آخر دوسرے حصے کا مقابلہ ساجد جیت گیا اور اب فائنل ساجد اور شہباز کے درمیان کھیلا جانا تھا۔ ساجد بہت تھک چکا تھا جبکہ شہباز میں ابھی بھی بہت پھرتی نظر آرہی تھی۔ سب تماشائی ساجد کی جیت سے مایوس تھے اور وہ یہ بھی چاہ رہے تھے کہ مقابلہ ساجد جیتے کیونکہ وہ اچھی عادتوں کی وجہ سے ہر دل عزیز تھا۔ سارے تماشائی ساجد! ساجد! پکار کر اس کی ہمت باندھ رہے تھے۔ اچانک ساجد کو امی کی دعائیں یاد آگئیں۔ اب تو جیسے اس میں بجلی بھر گئی۔ مقابلہ شروع ہوا شہباز رِنگ میں آکر ہا، ہو، ہیّا کرتے ہوئے اپنا مخصوص انداز بنا کر کہنے لگا آج تم مجھ سے جیت نہیں سکتے۔

''اکڑنے اور ڈینگیں مارنے کا کوئی فائدہ نہیں، آؤ اور مقابلہ کرو''۔ ساجد نے جواب دیا۔ یہ سنتے ہی شہباز کو غصہ آگیا اور اس نے آگے بڑھ کر ساجد کو لات ماری۔ ساجد پھرتی سے پیچھے ہٹا اور شہباز کی ٹانگ نصف قطر میں گھوم گئی اور پھر شہباز اپنی ٹانگ پر قابو نہ پا کر گھوم کر نیچے گر پڑا۔ اوہ امی! اس کے منہ سے نکلا۔

''میں تمہیں چھوڑوں گا نہیں''۔ شہباز نے غصے سے کہا۔

''تم پہلے مجھے پکڑ تو لو''۔ ساجد نے مسکراتے ہوئے کہا۔

یہ سن کر شہباز غصے میں آگیا اور ساجد کو ایک مکا مارا۔ ساجد پھر پھرتی سے بیٹھ گیا اور اس کا مکا ریفری کو لگا جس سے اس کا ایک دانت ٹوٹ گیا۔

تھوڑی دیر مقابلہ چلتا رہا۔ اتنے میں ساجد نے ایسا داؤ لگایا کہ شہباز اٹھ ہی نہ سکا اور یوں ساجد مقابلہ جیت گیا۔

مقابلے کے بعد ساجد نے شہباز سے کہا'' دیکھا غرور کا سر ہمیشہ نیچا ہوتا ہے۔ آئندہ کبھی غرور نہ کرنا۔ ساجد نے اسے اٹھا کر گلے لگایا اور اسی طرح شہباز کا غرور ٹوٹ گیا۔

☆☆

انسان اپنے اوصاف سے ہی عظیم بنتا ہے اونچا عہدہ حاصل کرنے سے نہیں۔ کیوں کہ اونچے مینار پہ بیٹھنے سے کوا، عقاب نہیں بن جاتا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ایک ایمان افروز واقعہ

منیر احمد۔ لیب اسسٹنٹ

حضرت ابوہریرہؓ کہتے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''بنی اسرائیل میں ایک شخص نے دوسرے شخص سے درخواست کی مجھے ہزار دینار دینا، بطور قرض کے چاہیے۔ اس نے کہا کہ گواہوں کو لے آؤ تا کہ میں ان کی موجودگی میں تمہیں یہ دوں۔ وہ بولا کہ اللہ ہی میرا گواہ ہے۔ اس نے کہا کہ کفیل لے آتا کہ میں اسے کفیل بنا سکوں۔ وہ بولا کہ اللہ ہی میرا کفیل ہے۔ اس نے کہا کہ تو نے سچ کہا اور اسے ایک مقررہ مدت کے وعدے پر ہزار دینار دیے۔ پھر قرض لینے والا اپنے سفر پر چلا گیا۔ جب مقررہ وقت آ پہنچا تو وہ شخص قرض کی رقم ادا کرنے کی غرض سے واپس آنے لگا مگر اسے کوئی سواری نہ مل سکی اس نے اپنی جانب سے بہت کوشش کی مگر کامیابی نہ ہوئی اس نے ایک لکڑی میں سوراخ کر کے ہزار دینار اور ایک خط قرض دینے والے کے نام لکھا اور اسے اچھی طرح بند کر کے دریا کے قریب آیا اور اللہ سے دعا کی کہ اے میرے اللہ آپ خوب جانتے ہیں کہ میں نے فلاں بن فلاں سے ہزار دینار قرض کے طور پر لیے تھے اس نے مجھ سے گواہ مانگے میں نے کہا اللہ شاہد ہے۔ اس نے مجھ سے کفیل طلب کیا میں نے کہا اللہ میرا کفیل ہے۔ وہ اس پر راضی ہو گیا۔ اور اس نے مجھے ہزار دینار دے دیئے۔ اب میں نے بہت کوشش کی کہ کسی طرح وقت مقررہ پر اس کی یہ امانت اسے واپس پہنچا دوں۔ مگر لاچار ہوں۔ میں اس تک نہیں پہنچ سکتا۔ اس لیے یہ دینار تیرے حوالہ کرتا ہوں۔ یہ دعا کر کے اس نے یہ لکڑی دریا کے حوالہ کر دی۔ اللہ کی شان کہ جس کا مال تھا۔ وہ دوسرے جہاز کے انتظار میں کھڑا تھا کہ کب جہاز آئے اور اس کا تجارتی سامان پہنچے جہاز نہ آیا اور اس کی نظر ایک لکڑی پر پڑی اس نے وہ لکڑی اٹھالی تا کہ اس کے کسی کام آجائے اس نے جب لکڑی چیری تو اس میں ایک ہزار دینار اور اپنے نام ایک خط پایا اور اسے معلوم ہوا کہ یہ اسی کی رقم ہے۔ اور فلاں نے بھیجی ہے۔ کچھ عرصے کے بعد قرض لینے والا بھی آپہنچا اور آتے ہی اس نے اپنا عذر بیان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کیااور کہا کہ چونکہ میں مقررہ وقت پر تیری امانت نہ پہنچا سکا اس کے لیے معافی چاہتا ہوں اور یہ رقم تجھے دیتا ہوں قرض لینے والے شخص نے کہا کہ اس سے پہلے تو نے کسی کے ہاتھ دینار بھیجے تھے۔ وہ بولا کہ میں تو آپ کو بتا چکا ہوں کہ اس سے پہلے مجھے سواری نہ مل سکی تھی کہ میں خود آسکوں یا کسی کے ہاتھ بھیج سکوں تب اس نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تیری جانب سے مجھ کو وہ مال ادا کر دیا ہے جو تو نے لکڑی میں بند کر کے بھیجا تھا۔ اس لیے اب یہ دینار واپس لے جاؤ مجھے تو اپنی امانت واپس مل گئی ہے۔

اس ایمان افروز واقعہ سے پتہ چلتا ہے کہ آدمی اگر سچے دل سے قرض ادا کرنے کی فکر کرے اور اسے ادا کرنے کا پختہ عزم رکھے تو اللہ تعالیٰ بالکل خلاف توقع دوستوں سے اس کی مدد فرماتا ہے اور اسے دنیا میں بھی ذلیل ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔

☆☆

ماں

گل حسن۔ ایف اے، سال اول

لفظ ماں عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی پیدا کرنے والے۔ ماں جو نو مہینے تکلیف برداشت کرتا ہے اور بعد میں بچے کی دیکھ بھال میں مشقت اٹھاتی ہے اور اپنے بچے کو گرمیوں اور سردیوں سے بچاتا ہے۔ وہ ماں ہی تو ہے جو اپنے غم کو بھلا کر اپنے بچوں کے درد و غم کو دور کرنے میں ہر وقت مصروف رہتی ہے۔ ماں ہی اپنے بچے کو دنیا کی ہر خوشی دیتی ہے۔ جو ماں جیسی نعمت سے محروم ہے وہ دنیا کی بڑی نعمت سے محروم ہے۔ ماں جنت کا وہ پھول ہے جس کے بغیر کوئی خوشبو نہیں۔ ماں کی یہ خوشبو شبنم بن کر دوزخ کی آگ کو بجھا دیتی ہے۔ ایک ماں بارہ بچے پال سکتی ہے لیکن بارہ بچے مل کر ایک ماں کو خوش نہیں رکھ سکتے۔ ماں اندھیروں کو روشن کرتا ہے۔ ساری کائنات اس کے آگے کچھ حیثیت نہیں رکھتی۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

جیشِ ابرہہ اور اللہ کا عذاب

بافر علی۔ ایف اے، سال اول

”کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا۔ کیا اس نے ان کی تدبیر کو نامراد نہیں بنا دیا۔ اللہ نے ان پر پرندوں (ابابیل) کے جھنڈ بھیجے جو ان پر (کھنگر مٹی) کی کنکریاں پھینکتے تھے۔ اس طرح اللہ نے ان کو کھائے بھوسے کی طرح کر دیا۔ (سورۃ الفیل۔ آیت نمبر ۱ تا ۵)

واقعہ اصحاب الفیل حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت مبارکہ والے سال یعنی ۵۷۱ عیسوی میں پیش آیا جب یمن کا حبشی نژاد عیسائی حکمران ابرہہ بن اشرم ساٹھ ہزار فوج اور تیرہ ہاتھی لیکر خانہ کعبہ کو گرانے کے ارادے سے مکہ پر حملہ آور ہوا۔

ابرہہ بن اشرم آغاز میں اس عیسائی فوج کا ایک سردار تھا جو شاہ حبشہ نے یمن کے حمیری نسل کے یہودی فرمانروا یوسف ذونواس کے عیسائیوں پر ظلم وستم کا بدلہ لینے کو بھیجی جس نے ۵۲۵ عیسوی تک اس پورے علاقے پر حبشی حکومت کی بنیاد رکھ دی۔ ابرہہ بن اشرم رفتہ رفتہ ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے بالآخر یمن کا خودمختار بادشاہ بن بیٹھا لیکن کمال چالاکی سے وہ برائے نام اپنے آپ کو حبشہ کا نائب بادشاہ کہلواتا رہا۔

ابرہہ بن اشرم ایک کٹر متعصب عیسائی تھا۔ اپنا اقتدار مضبوط کر لینے کے بعد اس نے عربوں میں عیسائیت پھیلانے کی سوچی جب کہ اس کا دوسرا ارادہ عربوں کی تجارت پر قبضہ جمانا تھا۔

اس مقصد کے لیے اس نے یمن کے دارالحکومت صنعا میں ایک عظیم الشان کلیسا تعمیر کرایا جسے عرب مورخین القلیس کہتے ہیں۔ اس کلیسا کی تعمیر کے دو مقاصد تھے۔ ایک تو عیسائیت کی تبلیغ کر کے عربوں کے حج کا رخ کعبہ سے کلیسا کی طرف موڑنا تھا اور اگر وہ ایسا کرنے میں کامیاب ہو جاتا تو اس کا دوسرا نتیجہ یہ نکلتا کہ عربوں کی ساری تجارت جو ابھی خانہ کعبہ کی وجہ سے عربوں کے پاس تھی وہ یمن کے حبشی عیسائیوں کے پاس آجاتی۔

ابرہہ نے پہلے شاہ حبشہ کو اپنے ارادے کی اطلاع دی اور پھر یمن میں علی الاعلان منادی کرادی کہ میں عربوں کا حج

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کعبہ سے کلیسا کی طرف موڑے بغیر نہ رہوں گا۔

اس کے اعلان پر غضبناک ہو کر ایک عرب نے کسی نہ کسی طرح ابرہہ کے گرجا میں گھس کر رفع حاجت کر ڈالی۔ اپنے کلیسا کی اس توہین پر ابرہہ نے قسم کھائی کہ میں اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھوں گا جب تک خانہ کعبہ کو نہیں گرا دوں گا۔

اس کے بعد وہ ۵۷۰ء کے آخر میں ساٹھ ہزار فوج اور تیرہ ہاتھی لیکر یمن سے مکہ پر حملہ آور ہونے کے ارادے سے نکلا۔ انہوں نے مکہ کے قریب پڑاؤ ڈالا۔ ابرہہ کے حکم پر اس کے چند ساتھیوں نے لوگوں کے مویشیوں کو لوٹنا شروع کر دیا۔ اسی لوٹ ماری میں انہوں نے سردارِ مکہ عبدالمطلب بن ہاشم کے دو سو اونٹ بھی لونٹ لیے۔ اس کے بعد ابرہہ نے عبدالمطلب بن ہاشم کے پاس ایک قاصد بھیجا اور اس کے ذریعے اہل مکہ کو پیغام دیا کہ میں تم سے لڑنے نہیں آیا ہوں بلکہ کعبہ کو گرانے آیا ہوں۔ عبدالمطلب نے جواب دیا ہمارے پاس ابرہہ سے لڑنے کی طاقت نہیں ہے۔ کعبہ اللہ کا گھر ہے وہ چاہے گا اپنے گھر کو بچا لے گا۔ عبدالمطلب ابرہہ کی قاصد کے ساتھ ابرہہ کے ہاں چلا۔ ابرہہ نے عبدالمطلب کے دو سو اونٹ چھوڑ دیے۔ مکہ کے سارے لوگ اپنے گھر والوں کیساتھ پہاڑوں پر چڑھے تا کہ ابرہہ کے قتل عام میں نہ آئیں۔ عبدالمطلب قریش کے چند سرداروں کے ہمراہ حرم کعبہ پہنچے اور اللہ کے ہاں دعا کی۔ دعا اس طرح ہے:

''الٰہی! بندہ اپنے گھر کی حفاظت کرتا ہے تو بھی اپنے گھر کی حفاظت فرما۔ کل ان کی صلیب اور ان کی تدبیر تیری تدبیر پر غالب نہ آنے پائے۔ صلیب کی آل کے مقابلے میں آج اپنی آل کی مدد فرما۔۔

اے میرے رب! تیرے سوا میں ان کے مقابلے میں کسی سے امید نہیں رکھتا۔ اے میرے رب ان سے اپنے حرم کی حفاظت فرما''۔

اس کے بعد وہ بھی قریش کے سرداروں کے ساتھ پہاڑی پر چلے گئے۔ دوسرے روز ابرہہ نے مکہ پر حملہ کا حکم دیا اور مکہ میں داخل ہونے کے لیے آگے بڑھا لیکن ابرہہ کی خاص ہاتھی ''محمود'' جھک گئی اور مکہ کی طرف بھی آگے نہیں بڑھا اس کے ساتھ سارے لشکر جھک گئے۔ اسی وقت اللہ رب العزت کے حکم سے ابابیل کے جھنڈ آ گئے اور وہ ان پر کنکریاں پھینکنے لگے۔ وہ کنکری ہر کسی کو لگتا وہ بھوسے کی طرح زمین پر گرتا۔ تھوڑی دیر بعد سارے لشکر ختم ہو گئے۔ اسی طرح اللہ تبارک تعالیٰ نے اپنے گھر کی حفاظت فرمائی۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

چین پاکستان اقتصادی راہداری

مبارک عصا۔ بی ایس سی، فائنل ایئر

چین پاکستان اقتصادی رہداری جسے سی پیک کہا جاتا ہے۔ سی پیک کے پراجیکٹس میں سندھ کے اندر ۱۲ ارب ۳۳ کروڑ ڈالر، بلوچستان میں ۷۰ ارب ۴۶ کروڑ ڈالر، پنجاب میں ۱۹ ارب ڈالر، خیبر پختونخواہ میں ایک ارب ۸ کروڑ ڈالر، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں ۱۳ ارب ۸۱ کروڑ ڈالر کے پروجیکٹ ملیں گے اسی طرح سی پیک میں سب سے زیادہ حصہ ۳۶ فیصد سندھ کا ہے دوسرے نمبر پہ ۲۶ فیصد حصہ پنجاب کا ہے تیسرے نمبر پہ ۲۲ فیصد حصہ بلوچستان کا ہے۔ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کا حصہ ۱۱ فیصد اور خیبر پختونخواہ کا حصہ ۵ فیصد ہے۔ سندھ میں ۱۰۲۵۰ میگاواٹ، بلوچستان میں ۵۳۶۰ میگاواٹ بجلی اور پنجاب میں ۵۰۲۰ میگاواٹ بجلی کے منصوبے زیر تعمیر ہیں۔

پاک چین اقتصادی راہداری منصوبہ ۴۶ ملین ڈالر میگاواٹ پراجیکٹ ہے جس کے لیے چین کا ایگزم بینک ۱۱ بلین ڈالر پاکستان کو ذرائع مواصلات کی ترقی کے لیے فراہم کرے گا۔ چین کی کسی بیرونی ملک سے بڑا سرمایہ کاری ہے سی پی ای سی (CPEC) کے مطابق ملک میں مارچ ۲۰۱۸ تک ۱۰۴۰۰ میگاواٹ بجلی پیدا ہونا شروع ہو جائے گی۔ اس منصوبے کے اہم روٹ تربت پنجگور، بسیمہ، قلات، کوئٹہ، مستونگ، قلعہ سیف اللہ، ژوب، ڈی آئی خان، بنوں، کوہاٹ اور پشاور ہیں۔

سی پیک کے مختلف معاہدے

☆ گوادر انٹرنیشنل ایئر پورٹ کے لیے رعایتی قرض کی فراہمی پر دستخط

☆ پاک چائنا مشترکہ کاٹن بائیولیبارٹری کا قیام کی دستخط

☆ بینکنگ سروس پروٹوک پر دستخط

☆ گوادر ٹو نواب شاہ LNG ٹرمینل اور پائپ لائن معاہدہ

☆ لاہور میٹرو ٹرین منصوبے پر کمرشل معاہدہ

☆ حب کول پاور منصوبے کا معاہدہ

☆ پورٹ قاسم کول پاور پلانٹ کا معاہدہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

☆ ساہیوال کول پاور پلانٹ کا معاہدہ

☆ سالٹ رینج کول پاور پلانٹ کا معاہدہ

☆ گوادر ہسپتال کی فزیبلیٹی سٹڈی کے نوٹس کا معاہدہ

☆ بلاک ون کی مالیاتی شرائط کا معاہدہ

☆ واپڈا اور CTG کے درمیان تعاون کی مفاہمتی معاہدے

☆ اعلیٰ تعلیم کے لیے نمل یونیورسٹی اور زونگ جیانگ کے درمیان معاہدے

☆ انسداد منشیات کے ساز و سامان کا معاہدہ

☆ پاک چین کے درمیان لاء اینڈ انفورسمنٹ سامان کی فراہمی کا معاہدہ

☆ اقتصادی اور تکنیکی تعاون کا معاہدہ

☆ سالٹ رینج کول پاور منصوبے کا معاہدہ

☆ پاک چائنا مشترکہ میرین ریسرچ سنٹرل پروٹوکول کا معاہدہ

☆ گوادر اور کراچی کے درمیان سسٹر شہروں کے تعلقات قائم کرنے کے پروٹوکول کا معاہدہ۔

☆☆

انسانیت کی کمی

الطاف فتح۔ ایف ایس سی، سال اول

انسانیت کے معنی ہیں کہ ایکدوسرے کی مدد کرنا اور دوسروں کے دکھ درد میں مرہم رکھنا۔ لیکن آج ہم اپنے آپ کو دیکھیں تو یہاں انسان ایک دوسرے سے خفا ہیں۔ کیونکہ ہر ایک اپنی انفرادی مفاد کے لیے سوچتا ہے اور شہرت کمانا چاہتا ہے۔

ہمیں یہاں انسانیت کی کوئی قدر نظر نہیں آتا۔ انسانوں کو نیکی کے عوض، ہم موذی چیزیں دیتے ہیں اور ہر کوئی چاہتا ہے کہ ہم ایک دوسرے سے انتقام لیں۔ ہمیں کسی کی فکر نہیں ہے۔ اگر کوئی مدد کے لیے التجا کرے تو کوئی اس کو سنتا ہی نہیں ہے۔

ہمیں چاہیے کہ ہم ایک دوسرے کے ساتھ الفت سے رہنا سیکھیں کیونکہ یہی انسانیت کا درس ہے۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

عظیم لوگوں کی سنہری باتیں

عاقب بلوچ۔ ایف اے، سال دوم

☆ ہر شخص کو اپنے ضمیر کی آواز پر عمل کرنا چاہیے۔ (سقراط)

☆ جو شخص کسی مقصد کو مدنظر رکھ کر کوشش کرتا ہے اس کی محنت بارآور ہوتی ہے۔ (گوئٹے)

☆ سب سے بڑا بزدل وہ ہے جو موت سے ڈرتا ہے۔ (ارسطو)

☆ خیالات کی جنگ میں کتابیں ہتھیار کا کام دیتی ہیں۔ (البیرونی)

☆ قسمت انہی کا ساتھ دیتی ہے جن کی فہم و فراست بھی اچھی ہوتی ہے۔ (یوری پیڈیز)

☆ غرور ایک پردہ ہے جو کسی کمزوری پر ڈالا جاتا ہے۔ (ذہبی)

☆ ہر شخص عقل و فراست رکھتا ہے مگر ہر شخص عقل و فراست سے کام لینا نہیں جانتا۔ (افلاطون)

☆ حق امن سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ (وڈرو ولسن)

☆ اپنے خیالات کو اپنا جیل خانہ مت بناؤ۔ (شیکسپیئر)

☆ ہر وہ آدمی عقل مند نہیں ہے جو تعلیم یافتہ ہو۔ میں بہت سے پڑھے لکھے جاہلوں کے چہروں سے واقف ہوں۔ (سپر جیان)

☆ دماغ چاہے تو جنت کو دوزخ اور دوزخ کو جنت میں تبدیل کر سکتا ہے۔ (جان ملٹن)

☆ دوستی باہم رہنے سہنے اور کھانے پینے کا نام نہیں بلکہ یہ دو دلوں کے باہمی ربط کا نام ہے۔ (شیکسپیئر)

☆ جو لوگ اپنوں سے نفرت کرتے ہیں انہیں نفرت کرنے والے مخالفوں کے قدموں میں گرنا پڑتا ہے۔ (ایرک ہوفر)

☆ تعلیم کا مقصد انسانی کردار کی تعمیر کرنا ہے۔ (ہربرٹ سپنسر)

☆ حسن بغیر نیکی کے ایسا پھول ہے جس میں خوشبو نہ ہو۔ (ہانی)

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

سقراط

ریاض سوالی۔ایف اے، سال اول

اگر ہم فلسفے کی تاریخ کی بات کریں تو ہم بہت سے فلسفیوں کو جانتے ہیں جنہوں نے اس خوبصورت دنیا کو اور خوبصورت بنا دیا ہے۔ سقراط بھی ان میں سے ایک ہے جس نے فلسفہ کی تاریخ میں بہت بڑا نام کمایا ہے۔ سقراط نے مختلف موضوعات پہ اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے جیسا کہ بدی، عدل، انصاف، اچھائی، برائی و مذہب، ریاست اور سیاست۔

سقراط ۴۶۹ قبل مسیح میں یونان کی سب سے ترقی یافتہ ریاست ایتھنز میں پیدا ہوئے۔ اس کا باپ ایک سنگ تراش اور ماں دائی تھی۔ سقراط نے کسی اسکول سے تعلیم حاصل نہ کی نہ کہ اس کا کوئی استاد تھا۔ سقراط ہمیشہ چیزوں کو



دیکھتا اور چیزوں کے بارے میں لوگوں سے سوال پوچھتا۔ سقراط پہلا یونانی فلاسفر تھا جس نے خدا کے ایک ہونے کا تصور دیا۔ سقراط نے اپنی زندگی میں کسی کو دکھ نہیں پہنچایا۔ وہ ہمیشہ دوسروں کے دکھ اپنے اوپر لیتا۔ سقراط نے دو شادیاں کیں۔ پہلی بیوی کا نام میرٹو تھا میرٹو کو طاعون یعنی پلیگ کی بیماری کی وجہ سے دنیا چھوڑنی پڑی۔ سقراط کی دوسری بیوی کا نام زین تپی تھا۔ جب سقراط نے زین تپی کے ساتھ شادی کی اس وقت سقراط کی عمر پچاس تھی۔ سقراط کے ساتھ ہمیشہ ایک غیبی آواز تھا جو سقراط کو برے کاموں سے روکتا تھا۔ سقراط نے تین جنگوں میں حصہ لیا تھا چوتھی بار سقراط نے جانے سے انکار کیا کیونکہ انہوں نے کہا اگر ہم جائیں تو ہمیں بہت بھاری شکست ہوگی۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مجھے میرا غیبی علم کہہ رہا ہے۔ حکمرانوں نے ان کے اس بات پر توجہ نہ دی۔ یونانیوں کو اس جنگ میں بھاری نقصان اٹھانا پڑا۔ سقراط جب جنگ سے واپس آتا تھا تو ایک مہینے تک اسے ایک خواب مسلسل آتا رہا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

کہ ایک پرندہ ایک گیت گاتا ہوا ،جس کے چونچ میں پھولوں کا ایک ہار تھا وہ ان کے ارد گرد چکر لگاتا تھا وہ گیت گا کر پھولوں والا ہار سقراط کے گلے میں ڈال دیتا ہے پھر غائب ہو جاتا ہے۔ ایک بار سقراط ایتھنز کے ایک بازار سے گزر رہا تھا تو سقراط نے دیکھا سامنے سے ایک خوبصورت بندہ آرہا ہے اور وہ وہی گیت گا رہا ہے جو پرندہ خواب میں آ کر گاتا تھا۔ سقراط ان کی طرف بڑھا اور اسے گلے لگایا اس نوجوان کا نام افلاطون تھا۔ سقراط اور افلاطون کی ملاقات یہیں سے ہوئی۔ سقراط بہت معمولی شکل و صورت کا مالک تھا۔ اس کے دوست اسے مینڈک کہہ کر پکارتے تھے۔ وہ پورے ایتھنز میں Frog face کے نام سے مشہور تھا۔ سقراط نے جب لوگوں سے سوالات کا سلسلہ شروع کیا اور انہیں ان غلطیوں سے آگاہ کیا تو اسی وجہ سے یونانی اس کے خلاف ہو گئے اسے بہت سارے الزام لگائے گئے۔ انہیں عدالت میں جانا پڑا۔ عدالت نے انہیں ایک پیالہ زہر پینے کو کہا۔ زہر پینے کی وجہ سے سقراط نے دنیا چھوڑ دی۔

ہر شخص اپنے وقت کا سقراط ہے یہاں
پیتا نہیں ہے زہر کا پیالہ مگر کوئی

☆☆

حضرت شیخ جیلانی کی وصیت

منیر احمد۔ لیب اسسٹنٹ

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی نے مرض وفات میں اپنے صاحبزادے کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا:

''اپنے اوپر خدا کے تقویٰ کو لازم رکھو۔ اللہ کے سوا کسی سے خوف نہ کھاؤ نہ کسی سے امید رکھو تمام حاجتیں اللہ کو سونپ دو اس کے سوا کسی پر تکیہ نہ کرو سب کچھ اسی سے طلب کرو اور اللہ سبحانہ کے سوا کسی پر بھروسہ نہ کرو توحید پر قائم رہو کہ توحید پر سب کا اجماع ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کے ملک و اختیار میں کسی کا بھی کوئی حصہ نہیں۔ اللہ کے سوا نہ کوئی نقصان اٹھا سکتا ہے نہ کوئی نفع۔ نہ کوئی تکلیف رفع کرنے والا ہے نہ کوئی بھلائی کرنے والا نہ کوئی بیمار کرنے والا ہے۔ نہ کوئی آزمائش میں ڈالنے والا اور نہ کوئی صحت دینے والا ہے۔ نہ کوئی نجات دینے والا ہے۔ اس لیے مخلوق میں مشغول نہ ہو ظاہرانہ باطنانہ۔ کیونکہ یہ بالیقین اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں تیرے کسی کام نہیں آسکتے''۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

لیو ٹالسٹائی

مبارک علی۔ ایف ایس سی، سال دوم

لیو کاؤنٹ ٹالسٹائی اپنی خاندانی جاگیر ''یاسنایا پولیافا'' (روس) میں اگست ۱۸۲۸ء میں پیدا ہوا۔ بچپن میں فرانسیسی اور جرمن استادوں سے تعلیم حاصل کی اور سولہ سال کی عمر میں ''کازان یونیورسٹی'' چلا گیا۔ ۱۸۴۷ء میں تعلیم پوری کیے بغیر ان نے یونیورسٹی کو خیرباد کہہ دیا اور کئی سال تک ماسکو اور پیٹرسبرگ کی سماجی زندگی کا مطالعہ اور کسانوں کی حالت بہتر بنانے کے منصوبے بناتا رہا۔

۱۸۵۱ء میں وہ فوج میں بھرتی ہو گیا۔ ۱۸۵۴ء میں اس نے ترکوں کے خلاف جنگ میں حصہ لیا لیکن جلد ہی وہ فوج سے برطرف ہو گیا اور ۱۸۵۵ء میں پیٹرسبرگ آ گیا۔ اس کا پہلا ناول ۱۸۵۲ء میں ''بچپن'' کے نام سے شائع ہو چکا تھا۔ لیکن اس کی شہرت اس وقت پھیلی جب اس نے جنگ کی ہولناکیوں کے بارے میں ''سیواتوپول'' کی کہانیاں لکھیں۔ ۱۸۶۱ء میں مغربی یورپ کی طویل سیاحت کے بعد اپنی جاگیر پر واپس آ گیا اور جاگیر کے انتظام اور کسانوں کے بچوں کی تعلیم و تربیت میں مصروف ہو گیا۔ ۱۸۶۲ء میں اس نے شادی کی۔ ۱۸۶۵ء۔ ۱۸۶۹ء میں اس نے اپنا زندہ جاوید ناول ''وار اینڈ پیس'' لکھا اور ۱۸۷۵ء۔ ۱۸۷۷ء میں ''آننا کارینا'' لکھا۔ یہ ناول لکھ کر اس کا سکون اور اطمینانِ قلب جاتا رہا۔ طرح طرح کے خیالات نے اس کے ذہن کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور وہ روس کے کلیسائی مذہب سے بدظن ہو گیا۔ اس عرصے میں اس نے عیسائیت کا اپنا نظریہ وضع کیا اور ''ایک اعتراف'' کے نام سے ۱۸۷۹ء میں ایک کتاب لکھی جو اس کے اپنے نئے مذہبی، اخلاقی اور سماجی اعتقادات سے تعلق رکھتی ہیں۔ اس نے ذاتی ملکیت کے تصور کو رد کیا۔ انسان سے انسان کے جبر و استحصال کی شدت سے مذمت کی۔ وہ اپنے نئے عقیدے کے مطابق زندگی بسر کرنا چاہتا تھا لیکن خاندان والوں کی مخالفت اور بیوی کی سختی نے اس کی زندگی کی رہی سہی سکون کو بھی تہہ و بالا کر دیا۔ ۱۸۸۶ء میں اس نے ''آئی وان ایلچ کی موت'' لکھا اور ۱۸۸۹ء میں ''کریٹزر سوناٹا'' بھی لکھا۔ ۱۸۹۸ء میں ''فن کیا ہے'' اس کا یہ کتاب شائع ہوا۔

لیو ٹالسٹائی کی زندگی کے آخری ایام پر درد اور افسوس ناک تھے، اس کا نیا مذہب اور اس کے عقائد خاندان کے افراد سے متصادم تھے۔ رفتہ رفتہ صورتحال اتنی بگڑی کہ اکتوبر ۱۹۱۰ء میں لیو ٹالسٹائی دل گرفتہ ہو کر گھر سے نکل گیا اور ۸ نومبر ۱۹۱۰ء کو ایک ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم پر وہ مردہ پایا گیا۔ ☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

فرانز کافکا

ثناء اللہ۔ ایف ایس سی، سالِ اول

فرانز کافکا ۳ جولائی ۱۸۸۳ء کو پراگ میں پیدا ہوا فرانز کا نام اس کے والدہ کے نانا کے نام پر رکھا گیا تھا۔ کافکا کے باپ کا نام ہرمین کافکا اور والدہ کا نام جولیا لووی۔ وہ جرمنی کے ایک امیر خاندان سے تعلق رکھتی تھی۔ فرانز کی والدہ ایک کم گو، سمجھ دار اور انتہائی ذہین عورت تھی۔ وہ اپنے شوہر کے تقریباً ہر معاملے میں اس کی شراکت دار تھی اس کے کاروبار میں اس کا ہاتھ بٹاتی۔ حتیٰ کہ دوستوں کے ساتھ تاش کھیلتے ہوئے وہ اس کے پاس ہی بیٹھتی۔

ہرمین کافکا ایک راسخ العقیدہ یہودی تھا۔ وہ مقدس دنوں میں باقاعدگی سے عبادت گاہ میں جاتا۔ عید فصیح کی مذہبی رسومات ادا کرتا۔ مختلف مذہبی تہواروں پر روزے رکھتا۔ اس کی خواہش تھی کہ اس کا بیٹا ہر معاملے میں اس کی پیروی کرے لیکن نوجوان کافکا کو صیہونیت کی تمام سطحی رسومات مضحکہ خیز معلوم ہوتی تھیں۔

کافکا کا بچپن تنہائی اور اکیلے پن میں بسر ہوا، اس کی ماں اور باپ دونوں کاروبار میں مصروف رہتے۔ اس کے دو بھائی چھوٹی عمر میں فوت ہو گئے ایک بھائی ہنرج دو سال کی عمر میں فوت ہوا اور دوسرا چھ مہینے زندہ رہ کر چل بسا۔ جب وہ چھ سال کا ہوا تو اس کی پہلی بہن پیدا ہو گیا۔ ان کی کل تین بہنیں تھیں۔ ان کے نام اوٹلا، اپلی اور ویلی تھے۔ کافکا ان کا اکلوتا بھائی تھا۔

ابتدائی تعلیم کے بعد کافکا کو ''اولڈ ٹاؤن سکوائر'' میں جرمن گرائمر اسکول میں داخل کروایا گیا۔ یہ مدرسہ پراگ میں اپنے سخت نظم و ضبط اور اعلیٰ معیار تعلیم کے باعث شہرت رکھتا تھا۔ یہاں طلباء کی تعداد بہت محدود ہوتی۔

اسکول میں داخل ہونے کے بعد کافکا کی سماجی زندگی کا آغاز ہوا۔ یہاں اس کی مختلف لڑکوں سے دوستی ہوئی جو اس کے بعد کی زندگی میں اس کے لیے بہت اہم ثابت ہوئی۔ انہی

دوستوں میں ہیوگ پراگ، پاؤل کش، آسکر پولاک اور ایمل

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

ہوسٹز شامل ہیں۔کافکا نے نوجوانی میں لکھنا شروع کیا تھا یا غالباً اس سے بھی چھوٹی عمر میں۔لیکن وہ اپنی تحریروں کو چھپا کر رکھتا تھا۔حتیٰ کہ اس نے بہت عرصے تک انہیں اپنے دوستوں کو بھی نہیں دکھایا۔

۱۹۰۲ء میں کافکا پراگ میں جرمن یونیورسٹی میں داخل ہوا۔یہیں اس کی ملاقات میکس براڈ سے ہوئی اور یہیں سے ان دونوں کی ایسی دوستی کا آغاز ہوا جو اس کی موت کے آخری لمحوں تک قائم رہا۔یہاں اس نے پہلے پندرہ روز کیمیا کا مطالعہ کیا پھر ایک سمسٹر تک جرمن لسانیات پڑھتا رہا۔لیکن آخر کار اس نے اپنے مستقبل کے لیے قانون کا انتخاب کیا۔

۱۸ جولائی ۱۹۰۶ء میں کافکا نے قانون میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی پھر وہ سال بھر ایک عدالت میں بلا معاوضہ ہی قانونی ریاضت کرتا رہا۔وہ یہی سوچتا تھا کہ اب شاید وقت گزر چکا تھا۔وہ مستقل طور پر تنہا اور خاموش رہتا وہ اپنے باپ سے کسی قسم کا کوئی مدد نہیں لیتا تھا۔جولائی ۱۹۰۸ء میں اسے ایک نیم سرکاری ادارے ''ورکرز ایکسیڈنٹ انشورنس انسٹی ٹیوٹ'' میں اپنی پسند کی نوکری مل گئی۔وہ اپنے ملازمت میں مطمئن تھا۔

۱۳ اگست ۱۹۱۸ء کافکا اپنی پہلی کتاب ''مشاہدات'' کا مسودہ لیکر میکس براڈ کے گھر گیا تو اس کی ملاقات برلن سے آئی ہوئی ایک ادب شناس خوبسورت دوشیزہ ''فراؤلین ایف بی سے ہوئی جس سے اسے پہلی نظر میں ہی محبت ہوگئی۔یہ کافکا کی پہلی محبت تھی۔

۲۴ نومبر ۱۹۱۲ء کو کافکا نے دوستوں کو اپنی شہرہ آفاق اور لازوال کہانی ''کایا کلپ'' سنائی۔۱۹۱۲ سے ۱۹۱۳ء کے موسم سرما تک اس نے اپنا ناول امریکہ لکھا۔

فرانز کافکا ۳ جون ۱۹۲۴ء بروز منگل اس سرائے فانی سے ایک پراذیت اور تنہا زندگی گزار کر کوچ کر گیا اور ۱۱ جون کو سہ پہر ۴ بجے اسے یہودیوں کے قبرستان میں دفنا دیا گیا۔

انہوں نے موت سے کچھ مہینوں پہلے اپنے گہرے دوست میکس براڈ کو ایک خط لکھا جس میں اپنی ایسی ہی ایک خواہش کا اظہار کیا تھا۔وہ لکھتا ہے ''عزیز میکس! میری تم سے آخری استدعا ہے کہ میری الماریوں میں، درازوں میں، میرے کمرے میں، دفتر میں یا جہاں بھی میری کوئی تحریر، روزنامچوں، مسودوں، خطوط یا کسی بھی اور صورت میں تمہیں ملے چاہے وہ مکمل ہو یا ادھوری چاہے وہ تمہارے پاس ہو یا دوسروں سے تمہیں حاصل ہو۔اسے بغیر پڑھے جلا دو۔جو میرے خطوط واپس کرنے سے انکار کریں ان سے انہیں جلد از جلد لینے کا وعدہ لو۔''تمہارا فرانز''

لیکن میکس براڈ نے دنیائے ادب کو اپنا زیر بارِ احسان کرتے ہوئے نہایت احترام کے ساتھ اپنے دوست کی آخری خواہش کو پورا نہیں کیا اور اسے کسی بھی صورت میں کافکا کی جو تحریر ملی، اس نے چھپوا دی۔☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
Scanned by CamScanner

عبدالستار ایدھی

اشفاق رضا۔ ایف ایس سی، سال دوم

عبدالستار ایدھی ۱۹۲۸ء کو بھارتی ریاست گجرات کے شہر بانٹوا میں پیدا ہوئے اور تقسیم ہند کے بعد ۱۹۴۷ میں اپنے خاندان کے ساتھ پاکستان میں ہجرت کی اور کراچی میں سکونت اختیار کی۔ انسانیت کی خدمت کا آغاز ۱۹۵۱ میں ایک ڈسپنسری قائم کر کے کیا۔ ۱۹۵۷ میں کراچی میں بہت بڑے پیمانے پر فلو کی وبا پھیلی جس پر ایدھی نے شہر کے نواح میں خیمے لگوائے اور مفت ادویات فراہم کیں اور اسی دوران زچگی کے لیے ایک سنٹر اور نرسوں کی تربیت کے لیے اسکول کھول لیا اور یہی ایدھی فاؤنڈیشن کا آغاز تھا۔ کراچی میں فلو کے وبا کے بعد ایک کاروباری شخصیت نے ایدھی کو کثیر رقم کی امداد دی جس سے انہوں نے ایمبولنس خریدی جسے وہ خود چلا رہے تھے۔ ۱۹۶۲ میں بی ڈی ممبر منتخب ہوئے معروف سماجی رہنما عبدالستار ایدھی نے ۱۹۶۲ میں سیاست میں قدم رکھا اور بنیادی جمہوریت کے انتخابات میں ممبر کی حیثیت سے بلا مقابلہ کامیابی حاصل کی۔ عبدالستار ایدھی کو بعد میں سیاسی مہم جوئی ایک غلطی محسوس ہوئی۔



